https://dailybalochistanobserverquetta.com.pk/

dailybalochistanobserver@gmail.com

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC Certified | کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیر الاشاعت روزنامہ

روزنامہ Daily BALOCHISTAN OBSERVER Quetta کوئٹہ

بلوچستان آبزرور

چیف ایڈیٹر نثار احمد

جلد 19 | جمعہ 24 جولائی 2026ء | 9 صفر 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 109

آئی ٹی برآمدات میں اضافہ، ڈیجیٹل معیشت کی اقدامات پالیسیوں کا ثمر ہے

شہباز شریف

آئی ٹی کے شعبے میں دیئے جانے والے تربیتی کورسز کی معتبر تھرڈ پارٹی ویلیڈیشن یقینی بنائی جائے، آئی ٹی کے شعبے میں تربیت کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا

وزیر اعظم کی پاکستان کی سالانہ آئی ٹی برآمدات 21 فیصد اضافے کیساتھ 4.6 ارب امریکی ڈالر تک پہنچنے پر وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی اور تمام ٹیم کی پزیرائی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان کی سالانہ آئی ٹی برآمدات 21 فیصد اضافے کیساتھ 4.6 ارب امریکی ڈالر تک پہنچنے پر وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی اور تمام ٹیم کی پزیرائی کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئی ٹی برآمدات میں نمایاں اضافہ حکومت کی ڈیجیٹل معیشت کی ترقی کیلئے جانے والے اقدامات پالیسیوں کا ثمر ہے، آئی ٹی کے شعبے میں دیئے جانے والے تربیتی کورسز کی معتبر تھرڈ پارٹی ویلیڈیشن یقینی بنائی جائے، آئی ٹی کے شعبے میں تربیت کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت آئی ٹی شعبے کی اسٹریٹجک روڈ میپ پر پیش رفت کا جائزہ اجلاس ہوا جس میں وزیراعظم نے پاکستان کی سالانہ آئی ٹی برآمدات 21 فیصد اضافے کیساتھ 4.6 ارب امریکی (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد؛ وزیراعظم شہباز شریف سے چینی فرم ''فامن'' کے چیف ایگزیکٹو آفیسر چیک جین وفد کے ہمراہ ملاقات کررہے ہیں

بجلی کمپنیوں کی جانب سے اوور بلنگ کا انکشاف، صارفین پر اربوں روپے کا اضافی بوجھ ڈال دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی میں انکشاف کیا گیا ہے کہ بجلی کمپنیوں نے صارفین سے (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

پاکستان کو مشرق وسطیٰ میں کشیدگی پر تشویش، مذاکرات و سفارتکاری کی کوششوں کی حمایت جاری رکھے گا، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے مشرق وسطیٰ میں کشیدگی بڑھنے، حوثی ملیشیا کی سعودی عرب کو دھمکیوں پر تشویش (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

قانون اور انصاف کے محافظوں کو نشانہ بنانے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، سرفراز بگٹی

دہشت گردی کے ذریعے ریاستی اداروں کو مرعوب کرنے کی ہر سازش ناکام بنائی جائے گی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ایڈیشنل سیشن جج طارق لاشاری سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا اور ان کی مزاج پرسی اور عیادت کی اور یقین دلایا کہ مکمل صحت (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

عالمی برادری اور آسیان ریجنل فورم خطے کے بنیادی تنازعات کے پرامن حل کی حمایت کریں، پاکستان کا مطالبہ

دیرینہ تنازعات بالخصوص بھارت اور پاکستان کے درمیان جموں وکشمیر کے مسئلے کو حل نہ کیے جانے سے علاقائی استحکام کو سنگین خطرات لاحق ہوئے ہیں

نیپلا (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ایک بار پھر عالمی برادری اور آسیان ریجنل فورم پر زور دیا ہے کہ وہ خطے کے بنیادی تنازعات کے پرامن حل کی حمایت کریں، جموں وکشمیر کا حل طلب تنازعہ اور بھارت کی جانب سے سندھ طاس (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنیوالے عناصر کیخلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، سرفراز بگٹی

حالیہ دہشت گرد کارروائیوں کے بعد مستونگ اور گردونواح میں انٹیلیجنس بیسڈ آپریشنز مزید مؤثر اور تیز کیے گئے ہیں

ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے والے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مستونگ کے علاقے کھڈ کوچہ میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب انٹیلیجنس بیسڈ کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں یہ ایک اہم کامیابی ہے اور حکومت بلوچستان دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے مکمل خاتمے تک اپنی کارروائیاں جاری رکھے گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے فتنہ (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

افغانستان میں دہشتگردوں کی موجودگی خطے کیلئے خطرہ ہے، پاکستان

پاکستان حوثی ملیشیا کی جانب سے سعودی عرب اور بحیرہ احمر میں کمرشل جہاز رانی کو دھمکیوں کی مذمت کرتا ہے، یمن کے مسلح گروہوں کی جانب سے سعودی عرب پر حملے خطے کی صورتحال کو مزید خراب کریں گے

دفتر خارجہ نے ایمنسٹی انٹرنیشنل کی رپورٹ مسترد کردی، پاک امریکا تجارتی مذاکرات جاری ہیں اور ٹیرف کا معاملہ ابھی طے نہیں ہوا ہے، ترجمان دفتر خارجہ کی بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ افغانستان میں دہشتگردوں کی موجودگی خطے کی سلامتی کیلئے خطرہ ہے اور پاکستان ایمنسٹی انٹرنیشنل کی رپورٹ کو مکمل طور پر مسترد کرتا ہے، پاکستان حوثی ملیشیا کی جانب سے سعودی عرب اور بحیرہ احمر میں کمرشل جہاز رانی کو دھمکیوں کی مذمت کرتا ہے، یمن کے مسلح گروہوں کی جانب سے سعودی عرب پر حملے خطے کی صورتحال کو مزید خراب کریں گے، پاکستان مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال پر آواز اٹھاتا رہے گا، کلبھوشن کو قونصلر رسائی دیے جانے سے آگاہ نہیں، پاک امریکا تجارتی مذاکرات جاری ہیں اور ٹیرف کا معاملہ ابھی طے نہیں ہوا ہے، کارگل جنگ کا معاملہ اب تاریخ کا حصہ ہے، مرحوم سرتاج عزیز کی کارگل کے حوالے سے کتاب بہترین ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی نے ہفتہ وار پریس بریفنگ دیتے ہوئے مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر اظہار تشکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد؛ وزیراعظم شہباز شریف پاپولیشن ڈویلپمنٹ کے حوالے سے منعقد اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

حکومتِ پاکستان نے تاریخی قومی امیگریشن و ویلفیئر پالیسی 2026 کا باضابطہ اجراء کردیا

اسلام آباد (این این آئی) تارکین وطن کے ساتھ حکومتِ پاکستان کے پختہ عزم کی تجدید کرتے ہوئے، وفاقی وزیر برائے اوورسیز پاکستانیز چوہدری سالک حسین نے اسلام آباد میں تاریخی ''قومی امیگریشن و ویلفیئر پالیسی 2026 کا باضابطہ اجراء کردیا، اس پر (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سے مختلف وفود کی ملاقاتیں

امن وامان، معدنی وسائل، بین المذاہب ہم آہنگی، سماجی فلاح اور کشمیر کاز کے فروغ پر زور

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے پارلیمنٹ ہاؤس میں مختلف سرکاری، سماجی، فلاحی اور پیشہ ورانہ شعبوں سے تعلق رکھنے والے وفود نے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں میں ملک میں امن وامان، سیکیورٹی، معدنی وسائل کی ترقی، بین المذاہب ہم آہنگی، انسانی حقوق، سماجی فلاح، روزگار کے مواقع اور کشمیر کی موجودہ صورتحال (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

ذمہ دارانہ رپورٹنگ ہمیشہ تصدیق شدہ حقائق کی بنیاد پر ہونی چاہیے، قائمہ کمیٹی اطلاعات ونشریات

پیکا قانون کو اخبارات اور ٹیلی ویژن کے ویب سائٹس یا ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے خلاف استعمال نہیں کیا جائے گا، کمیٹی اراکین کی یقین دہانی

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات ونشریات نے کہا ہے کہ ذمہ دارانہ رپورٹنگ ہمیشہ تصدیق شدہ حقائق کی بنیاد پر ہونی چاہیے۔ جمعرات کو سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات ونشریات کا اجلاس پاکستان ٹیلی ویژن (پی ٹی وی) ہیڈکوارٹرز، اسلام آباد میں قائم مقام چیئرمین کمیٹی سینیٹر سرمد علی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں متعدد اہم قومی امور پر تفصیلی غور کیا گیا، جن میں فلم ''بلھیا'' میں حضرت بابا بلھے شاہؒ کے نام اور تعلیمات کی مبینہ (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کے متحرک، باہمت، ثابت قدم اور محب وطن عوام اس کی سب سے بڑی طاقت ہیں، فیلڈ مارشل

بلوچستان پاکستان کا فخر ہے، محبِ وطن عوام اس کی سب سے بڑی طاقت ہیں؛ یہ آپریشنز بھرپور عزم اور دہشت گردی اور اس کے سہولت کاروں کے خاتمے تک جاری رہیں گے

سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والوں اداروں کی مسلسل کوششیں بلوچستان میں دیرپا امن لائیں گی، سید عاصم منیر کا 20ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب

راولپنڈی (این این آئی) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ بلوچستان پاکستان کا فخر ہے، یہ صوبہ بے پناہ قدرتی وسائل سے مالا مال ہے، بلوچستان کے متحرک، باہمت، ثابت قدم اور محبِ وطن عوام اس کی سب سے بڑی طاقت ہیں۔ جمعرات کو پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق 20ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکا کی جی ایچ کیو آمد پر خطاب کرتے ہوئے فیلڈ مارشل نے کہا کہ (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

آئی ایم ایف کی شرط پر ایکسپورٹ پروسیسنگ زونز کی مصنوعات مقامی مارکیٹ کو فروخت نہ کرنے کا فیصلہ

اس وقت ایکسپورٹ پراسسنگ زونز کو اپنی 20 فیصد پیداوار مقامی مارکیٹ میں فروخت کرنے کی اجازت حاصل ہے، حکام

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے عالمی مالیاتی ادارہ (آئی ایم ایف) کی شرائط کے تحت ستمبر 2026 سے ایکسپورٹ پراسسنگ زونز کی پیداوار مقامی مارکیٹ (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار کی آسیان ریجنل فورم کے 33ویں وزارتی اجلاس میں شرکت

آسیان اور اے آر ایف کی کامیاب صدارت پر فلپائن کو مبارکباد دی

نیپلا (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے جمعرات کو نیپلا میں آسیان ریجنل فورم (اے آر ایف) کے 33ویں وزارتی اجلاس میں شرکت کی۔ دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم نے آسیان اور اے آر ایف کی کامیاب صدارت پر فلپائن کو مبارکباد دیتے ہوئے امن، مذاکرات اور کثیر الجہتی تعاون کیلئے پاکستان کے غیر متزلزل عزم کا (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

شہید ہونے والے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ کی نماز جنازہ ادا کردی گئی

کوئٹہ (خ ن) مستونگ میں دہشت گردوں کی فائرنگ کے واقعے میں شہید ہونے والے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ کی نماز جنازہ ادا کردی گئی، جس کے بعد (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، سرکاری دستاویزات میں شہریوں کو غیر قانونی سہولت دینے والے 14 ایجنٹ گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) بلوچستان نے کوئٹہ شہر میں مختلف وفاقی اداروں کے مبینہ ایجنٹس کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

مستونگ کاڑی پر فائرنگ، سیشن جج سمیت 2 افراد جاں بحق، ایڈیشنل سیشن جج زخمی

مستونگ میں فتنہ الہندوستان کے 6 دہشتگرد مارے گئے، مرد و خواتین خودکش بمبار گرفتار

سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ پر حملہ ریاست پر حملہ ہے، دہشت گردوں کو ہر قیمت پر انجام تک پہنچائیں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان

مستونگ / کوئٹہ (این این آئی) مستونگ کے علاقے ولی خان میں نامعلوم افراد کی جانب سے سیشن جج کی گاڑی پر فائرنگ کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق اور ایڈیشنل سیشن جج زخمی ہوگئے۔ ڈی پی او اللہ بخش بلوچ کے مطابق فائرنگ سے سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کا گن مین جاں بحق ہوگئے، فائرنگ سے ایڈیشنل سیشن جج طارق لاشاری سمیت 2 افراد شدید زخمی ہوئے ہیں۔ ڈی پی او کے مطابق سیشن جج اور (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ایڈووکیٹ نصیب اللہ کاکڑ اور محمد افضل مندوخیل ملاقات کررہے ہیں

خیبر پختونخوا میں بارشوں اور فلش فلڈز کے حادثات میں 22 افراد جاں بحق

پانچ روز میں 23 افراد زخمی ہوئے، 37 گھروں کو نقصان پہنچا جس میں 29 گھروں کو جزوی جبکہ 8 گھر مکمل منہدم ہوگئے

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں ہونے والی بارشوں اور فلش فلڈز کے حادثات میں 5 روز کے دوران 22 شہری جاں بحق، 23 زخمی ہوگئے۔ صوبائی ڈیزاسٹر (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)

صحبت پور؛ مانجھوٹی شاخ میں 50 فٹ چوڑا شگاف، ہزاروں ایکڑ اراضی زیر آب، متعدد دیہات متاثر

شگاف کے نتیجے میں ہزاروں ایکڑ زرعی اراضی زیر آب آگئی ہے، جس سے کھڑی فصلوں اور کاشتکاری کو بھاری نقصان پہنچا ہے

متاثرہ علاقوں کے مکین اپنی مدد آپ کے تحت پانی کا رخ موڑنے اور نقصان کو کم کرنے کی کوششوں میں مصروف ہیں

صحبت پور: (نامہ نگار وقار احمد کاکڑ) مانجھوٹی شاخ میں گوٹھ فیصل آباد گولہ کے سامنے سائیڈ پر تقریباً 50 فٹ چوڑا شگاف پڑنے کے باعث نہری پانی بے قابو ہو کر قریبی دیہات میں داخل ہوگیا۔ شگاف گوٹھ صیف اللہ خان کھوسہ اور فضل الکریم کی جانب واقع ہے، جہاں پانی گھروں میں داخل ہونے سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ اطلاعات کے مطابق شگاف کے نتیجے میں ہزاروں ایکڑ زرعی اراضی زیر آب آگئی (بقیہ 25 صفحہ 3 پر)

مانجھوٹی شاخ میں گوٹھ فیصل آباد گولہ کے سامنے سائیڈ پر تقریباً 50 فٹ چوڑا شگاف پڑنے کے باعث سیلابی پانی آبادی کی جانب بڑھ رہا ہے

دکی، نامعلوم مسلح افراد نے تھانے کو بارودی مواد سے اڑادیا

تھانے کی دیواروں اور کمرے کو نقصان پہنچا، پولیس مزید کارروائی کررہی ہے

کوئٹہ (این این آئی) دکی کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے تھانے کو بارودی مواد سے اڑادیا۔ پولیس کے مطابق دکی کے علاقے پولیس تھانہ نزہن کو نامعلوم مسلح افراد نے دھماکہ خیز مواد سے اڑادیا جس سے تھانے کی دیواروں اور کمرے کو نقصان پہنچا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ پولیس مزید کارروائی کررہی ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ دنوں بھی نامعلوم افراد نے (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)

آئل ٹینکرز اور کنٹریکٹرز کا مطالبات کی منظوری کیلئے 72 گھنٹوں کا الٹی میٹم، پہیہ جام ہڑتال کی دھمکی

72 گھنٹوں میں مسائل حل نہ ہوئے تو ملک بھر میں پہیہ جام ہڑتال کی جائے گی، رہنماؤں کی میڈیا سے گفتگو

کراچی/پشاور (این این آئی) پاکستان آئل ٹینکرز اور کنٹریکٹرز نے حکومت کو مطالبات کی منظوری کیلئے 72 گھنٹوں کا الٹی میٹم دے دیا۔ کراچی میں مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے رہنماؤں نے کہا کہ مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو ملک گیر ہڑتال کی جائے گی، جس کی ذمہ داری وزارتِ پیٹرولیم اور اوگرا پر ہوگی۔ انہوں نے وائٹ آئل پائپ لائن کے کوٹے میں اضافے (بقیہ 33 صفحہ 3 پر)

پاکستان کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی مثبت شرح میں کمی آگئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے ماحولیاتی نمونوں (بقیہ 34 صفحہ 3 پر)

امریکا کی ایران کے خلاف فضائی کارروائیاں مسلسل 12ویں روز بھی جاری، 2 افراد شہید

ایران اور عراق کے درمیان واقع شلامچہ سرحدی گزرگاہ کے قریب ایک علاقے کو امریکی حملے کا نشانہ بنایا گیا

کویت میں فضائی دفاعی نظام متحرک، ایرانی ڈرون حملہ ناکام بنانے کا دعویٰ، عوام افواہوں پر کان نہ دھریں، کویتی فوج کی اپیل

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے ایران کے خلاف اپنی فوجی کارروائیاں مزید تیز کرتے ہوئے مسلسل 12ویں روز ایرانی فوجی اہداف پر فضائی حملے کیے ہیں جبکہ مشرق وسطیٰ میں مزید فوجی دستے، جنگی ساز وسامان اور طبی عملہ بھی روانہ کردیا گیا ہے۔ ایران عراق کے سرحدی علاقے شلامچہ بارڈر کراسنگ کے قریب امریکی میزائل حملے میں 2 افراد شہید اور 11 زخمی ہوگئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی سینٹرل کمانڈ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی ہدایت پر ایرانی فوجی اہداف کے خلاف نئی کارروائی کا آغاز (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)

نواب اسلم رئیسانی نے قلات ڈویژن ختم اور مستونگ کو کوئٹہ میں شامل کرنے کیخلاف آئینی درخواست دائر کردی

کوئٹہ (این این آئی) سابق وزیراعلیٰ بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی نواب اسلم رئیسانی نے قلات ڈویژن ختم کرنے اور (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)

چائنا، وائس چانسلر یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر عبدالمالک اور ڈلیان اوشن یونیورسٹی کے وائس پریزیڈنٹ LiuWwnheprof میری سائنسز کے حوالے سے مشترکہ تعاون کے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کررہے ہیں

دکی ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر زخمی ہونے والا نوجوان میں دم توڑ گیا

دکی (این این آئی) دکی کے علاقے میں ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر زخمی ہونے والا نوجوان میں دم توڑ گیا۔ پولیس کے مطابق (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

بلوچستان ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کیلئے غیر معمولی مواقع فراہم کرتا ہے، بلال کاکڑ

بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں، کاروباری اداروں، چیمبرز آف کامرس اور ترقیاتی شراکت داروں کے ساتھ قریبی تعاون کو فروغ دے رہا ہے

سرمایہ کاروں کو مختلف دفاتر کے چکر لگانے سے بچانا، این او ایز، رجسٹریشن، رہنمائی، قانونی معاونت اور دیگر ضروری سرکاری کارروائیوں کو آسان، شفاف اور تیز رفتار بنانا ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبہ بلوچستان اپنے وسیع قدرتی وسائل، جغرافیائی اہمیت، معدنی ذخائر، توانائی، زراعت، لائیو اسٹاک، ماہی گیری، سیاحت اور ساحلی معیشت کی بدولت ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کیلئے غیر معمولی مواقع فراہم کرتا ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں حکومت بلوچستان سرمایہ کاری کے فروغ، کاروبار میں (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

حاجی نور محمد خان دمڑ کی مستونگ میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ پر حملے کی شدید مذمت

امن وامان کو خراب کرنے والوں کے خلاف ریاست پوری قوت سے کارروائی کررہی ہے؛ وزیر خوراک بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر خوراک بلوچستان حاجی نور محمد خان دمڑ نے مستونگ میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ پر بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے انتہائی افسوسناک اور قابلِ مذمت قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں صوبائی وزیر خوراک نے سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے گن مین کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور سوگوار خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت دکھ کی اس گھڑی میں شہداء (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزراء کوئٹہ کی حقیقی ترقی، خوبصورتی اور تاریخی ساکھ کی بحالی پر توجہ کریں، جعفر مندوخیل

کوئٹہ محض صوبائی دارالحکومت نہیں ہے بلکہ یہ پورے صوبے کا چہرہ ہے

کوئٹہ ایک بھرپور تاریخ، منفرد شہر کاری اور انوکھا قدرتی حسن سے نوازا شہر ہے؛ گورنر بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ کوئٹہ محض صوبائی دارالحکومت نہیں ہے بلکہ یہ پورے صوبے کا چہرہ ہے۔ کوئٹہ ایک بھرپور تاریخ، منفرد شہر کاری اور انوکھا قدرتی حسن سے نوازا شہر ہے لہٰذا ضروری ہے کہ تمام متعلقہ صوبائی وزراء کوئٹہ شہر کی حقیقی ترقی، اسکی خوبصورتی اور تاریخی ساکھ کی بحالی پر اپنی توجہ مرکوز کریں۔ یہ بات حوصلہ افزاء ہے کہ کوئٹہ شہر میں موجودہ حکومت کے دوران کئی قابلِ ذکر ترقیاتی (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

قانون کے محافظوں کو نشانہ بنانا ریاستی رٹ کو چیلنج کرنے کی ناکام کوشش ہے، امیر حمزہ زہری

واقعے میں ملوث دہشت گرد عناصر کو کسی صورت نہیں چھوڑا جائے گا؛ صوبائی مشیر بلدیات

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)

قومی سلامتی سے متعلق حساس معلومات غیر ملکی انٹیلی جنس ادارے کو فراہم کرنے والا ملزم گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل سائبر کرائم انوسٹی گیشن ایجنسی گلگت نے کارروائی کرتے ہوئے قومی سلامتی سے متعلق حساس معلومات مبینہ طور پر غیر ملکی انٹیلی جنس ادارے کو (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)

پاکستان معدنی وسائل سے مالا مال ملک ہے، سیدال ناصر

غربت کے خاتمے، قدرتی آفات کے متاثرین کی امداد اور کمزور طبقات کی بحالی کے مختلف منصوبوں پر بھی کام کررہی ہے

کوئٹہ + اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت ملک میں امن، معاشی استحکام، سرمایہ کاری، معدنی وسائل کی ترقی اور عوامی خوشحالی کیلئے مؤثر اقدامات کررہی ہے، پاکستان مسلم لیگ (ن) کی قیادت ہمیشہ (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

نواب زہری کا بلوچستان میں امن وامان کی ابتر صورتحال پر اظہار تشویش

فرض شناس افسر کو نشانہ بنانا نہ صرف انتہائی بزدلانہ بلکہ ریاستی اداروں اور نظامِ انصاف پر حملہ ہے؛ رہنما پی پی پی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما اور سابق وزیراعلیٰ بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری نے بلوچستان میں امن (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

خواتین کی صحت اور وقار کا تحفظ صوبائی حکومت کی اول ترجیح ہے؛ غزالہ گولہ

اس سلسلے میں درپیش تمام رکاوٹوں کو دور کیا جائے گا، ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) ایم ایچ ایم ورکنگ گروپ نے یونیسف کے (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

دہشتگرد اپنے ناپاک عزائم کیلئے بے گناہ اور معصوم شہریوں کا خون بہا رہے ہیں، علی مدد جتک

امن دشمن عناصر کو کسی صورت اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا

ایسی بزدلانہ کارروائیاں قوم کے حوصلے ہرگز پست نہیں کرسکتیں، صوبائی وزیر

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے ضلع مستونگ میں دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے کے نتیجے میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے محافظ کی شہادت پر گہرے دکھ، افسوس اور شدید مذمت کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک تعزیتی و مذمتی بیان میں صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ دہشت گرد اپنے ناپاک عزائم کی تکمیل کیلئے بے گناہ اور معصوم شہریوں کا خون بہا (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، مستونگ کھڈ کوچہ میں مقامی کوچ پر فائرنگ واقعہ میں شہید ہونیوالوں کی میتیں اے سی سٹی حمزہ خان، سرجن ڈاکٹر عطاء اللہ کی موجودگی میں سول ہسپتال سے انکے آبائی علاقے روانہ کی جارہی ہیں

چمن بارڈر فوری کھولا جائے، مولانا ہدایت الرحمٰن

ازلی دشمن سے کاروبار تجارت جاری جبکہ برادر اسلامی ملک کے باب دوستی بند ہے؛ جلسے سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) چمن بارڈر کی مسلسل بندش، بے روزگاری، مہنگائی اور بدامنی کے خلاف جماعت اسلامی چمن کے زیر اہتمام ٹرنچ روڈ چمن میں عظیم الشان عوامی جلسہ صوبائی امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن بلوچستان اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ جلسے میں جماعت اسلامی کے صوبائی و ضلعی ذمہ داران، قبائلی عمائدین، تاجروں، علمائے کرام، نوجوانوں اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ جلسہ عام سے (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

روزنامہ Daily BALOCHISTAN Observer Quetta
بلوچستان آبزرور کوئٹہ
پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بلمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
کوئٹہ فون نمبر 03312634009۔ اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

انڈس راس روبوٹکس اینڈ اٹانومس سسٹمز ایکسپو

وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ معرکہ حق میں مسلح افواج نے خودمختار نظام اور سائبر سکیورٹی کے ذریعے سرحدوں کا دفاع کیا، سلامتی کے شعبے میں ٹیکنالوجی کا استعمال قابل فخر ہے، پاکستان نے جدید ٹیکنالوجی میں اہم کامیابیاں حاصل کیں، ڈرونز کی 60 فیصد سے زائد مقامی بنیادوں پر تیاری مکمل حاصل کرلی ہے، معرکہ حق میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں مسلح افواج نے جدید ٹیکنالوجی اپنائی، فیلڈ مارشل کی سربراہی میں ائیر چیف اور نیول چیف کی معاونت شاندار رہی ہے، معرکہ حق میں مسلح افواج نے خودمختار نظام اور سائبر سکیورٹی کے ذریعے سرحدوں کا دفاع کیا، پاکستان اپنی خودمختاری کے دفاع کے لئے جدید ٹیکنالوجی استعمال کرے گا،، جدت کو قابل عمل حل میں بدل کر عوام کی زندگی آسان بنائیں گے، انتھک محنت سے آئندہ نسلوں کے لئے روشن اور خوشحال پاکستان بنائیں گے۔ انڈس راس روبوٹکس اینڈ اٹانومس سسٹمز ایکسپو میں شرکت میرے لئے باعث مسرت ہے، اس سے ٹیکنالوجی کے شعبے میں صف اول کا کردار ادا کرنے کے حوالے سے پاکستان کے عزم کی عکاسی ہوتی ہے، یہ نمائش اور اس طرح کے اقدامات پاکستان کو 21 ویں صدی کی جدید ٹیکنالوجی میں صف اول کا ملک بنائیں گے۔ رواں سال کے اوائل میں پاکستان نے انڈس اے آئی سمٹ کی بھی میزبانی کی جس سے مصنوعی ذہانت کے دور میں پاکستان کے سفر کو آگے بڑھانے لیلئے حکومتی نمائندوں، ٹیکنالوجی لیڈرز اور محققین کاروباری افراد کو مل بیٹھنے کا موقع ملا، آج انڈس راس ایکسپو سے اس وژن کو عملی شکل دینے کا موقع حاصل ہوا ہے کہ کس طرح جدت کو فعال سلوشنز میں تبدیل کریں، روبوٹکس اور ڈرونز کی جدت سے معیشت مضبوط سلامتی بہتر اور عوام کی زندگی آسان ہوگی، اس جہت نے اکیڈمیا، انڈسٹری، سٹارٹ اپس اور پالیسی سازوں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کیا ہے۔ میرے بچپن میں ٹیکنالوجی کی جدت بلیک اینڈ وائٹ ٹیلی ویژن کی آمد تھی اور خاندان کے تمام افراد اچے برج لاہور دے جیسی پاکستان ٹیلی ویژن کی کلاسک نشریات کو مل کر دیکھتے تھے لیکن آج دنیا ٹیکنالوجی کے میدان میں بہت آگے بڑھ گئی ہے اور ہم تاریخ کے ایک غیر معمولی دور میں ہیں، زرعی پیداوار کیلئے پانی اور دیگر بنیادی عوامل کی ضرورت، موسمیاتی تبدیلی اور دیگر چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال انتہائی اہمیت کا حامل ہے، آج ٹیکنالوجی کی جدید شکل ہمارے سامنے موجود ہے، آج مشینیں محسوس کر کے تیزی سے فیصلے اور ان پر عمل درآمد کرتی ہیں جو کبھی خواب لگتا تھا آج حقیقت بن کر ہمارے سامنے موجود ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ فخریہ طور پر کہتا ہوں کہ پاکستان نے دفاع اور سکیورٹی کے شعبے میں ملکی صلاحیتیں بڑھانے میں نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں، سلامتی کے شعبے میں ٹیکنالوجی کا استعمال قابل فخر ہے

حکومتی کفایت شعاری اقدامات جاری وساری

اسداللہ غالب

وفاقی حکومت نے کفایت شعاری کے اقدامات جاری رکھنے کا جو فیصلہ کیا ہے، اسے محض ایک انتظامی نہیں بلکہ موجودہ عالمی اور علاقائی صورتحال کے تناظر میں دیکھنا ضروری ہے۔ دنیا اس وقت جن حالات سے گزر رہی ہے، ان میں مشرق وسطیٰ کی کشیدگی، ایران اور اسرائیل کے مابین جاری تنازعہ، اور اس سے پیدا ہونے والے معاشی اثرات سب سے نمایاں ہیں۔ ایسے حساس وقت میں جب عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں غیر مستحکم ہیں اور بین الاقوامی سرمایہ کاری کا رجحان محتاط ہو چکا ہے، پاکستان جیسے ملک کے لیے مالی نظم وضبط پہلے سے کہیں زیادہ اہمیت اختیار کر گیا ہے۔ وفاقی کابینہ نے کفایت شعاری کے جن اقدامات کی منظوری دی ہے، ان میں گذشتہ تین برسوں سے خالی تمام آسامیوں کا خاتمہ، نئی آسامیوں کی تخلیق پر پابندی کا تسلسل، ہر قسم کی سرکاری گاڑیوں کی خریداری پر پابندی، مشینری و آلات کی خریداری پر پابندی، بیرون ملک علاج پر پابندی، اور غیر ضروری غیر ملکی دوروں پر پابندی شامل ہے۔ یہ اقدامات بظاہر معمولی نظر آتے ہیں لیکن ان کا مجموعی اثر قومی خزانے پر خاصا نمایاں ہوگا۔ کابینہ ڈویژن نے یہ فیصلہ عملدرآمد کے لیے وزارت خزانہ کو بھجوا دیا ہے اور توقع ہے کہ اس بارے میں باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جلد جاری کر دیا جائے گا۔

یہ امر قابل ذکر ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کی حکومت نے جس وقت یہ فیصلہ کیا ہے، وہ عالمی سطح پر غیر معمولی بے یقینی کا دور ہے۔ ایران اور اسرائیل کے درمیان براہ راست فوجی تصادم، خطے میں امریکی مداخلت کے امکانات، اور خلیجی ممالک کی بڑھتی ہوئی تشویش نے عالمی معیشت کو ایک نئے امتحان میں ڈال دیا ہے۔ تیل کی ترسیل کے راستے، بالخصوص آبنائے ہرمز، عالمی توانائی کی سلامتی کے لیے کلیدی حیثیت رکھتے ہیں، اور اس خطے میں جنگی کیفیت کا سیدھا اثر تیل کی قیمتوں، بحری تجارت اور عالمی سرمایہ کاری کے رجحانات پر پڑتا ہے۔ پاکستان، جو توانائی کی درآمدات پر خاصا انحصار رکھتا ہے، اس صورتحال سے براہ راست متاثر ہو سکتا ہے، اور یہی وجہ ہے کہ حکومت نے احتیاطی تدابیر کے طور پر مالی نظم وضبط کو مزید سخت کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ عالمی معیشت میں غیر یقینی کی یہ لہر صرف تیل کی قیمتوں تک محدود نہیں بلکہ اس نے عالمی سرمایہ کاروں کے رویے کو بھی محتاط بنا دیا ہے۔ ترقی پذیر ممالک کے لیے بیرونی قرضوں کی لاگت میں اضافہ، ترسیلات زر کے بہاؤ میں غیر یقینی، اور برآمدات کے شعبے میں سست روی جیسے خطرات سر اٹھا رہے ہیں۔ ان حالات میں وفاقی حکومت کا کفایت شعاری کی پالیسی کو جاری رکھنا ایک دانشمندانہ اور بروقت قدم ہے۔ یہ فیصلہ ظاہر کرتا ہے کہ حکومت محض روایتی بجٹ سازی کی حد تک محدود نہیں بلکہ عالمی حالات کے تیزی سے بدلتے ہوئے تناظر کو سامنے رکھ کر پالیسی سازی کر رہی ہے۔

مشرق وسطیٰ کی جنگ کے تناظر میں یہ بات بھی اہم ہے کہ پاکستان نے ہمیشہ تنازعات کے پرامن حل کی حمایت کی ہے اور خطے میں امن واستحکام کے لیے سفارتی کردار ادا کیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی حکومت نے عالمی برادری سے مسلسل یہ مطالبہ کیا ہے کہ خطے میں کشیدگی کو کم کرنے کے لیے سفارتی راستے اختیار کیے جائیں، کیونکہ طویل جنگ کا نقصان نہ صرف متعلقہ ممالک بلکہ پوری دنیا کی معیشت کو ہوگا۔ پاکستان کی یہ پالیسی اس کی روایتی امن پسند خارجہ پالیسی کا تسلسل ہے، جس کے تحت وہ عالمی امن کے لیے ہمیشہ مثبت کردار ادا کرتا رہا ہے۔ کفایت شعاری کے اقدامات کا ایک اور پہلو یہ ہے کہ یہ حکومت کی سنجیدگی کو ظاہر کرتے ہیں کہ وہ عوامی وسائل کے استعمال میں شفافیت اور احتساب کو یقینی بنانا چاہتی ہے۔ خالی آسامیوں کا خاتمہ اور نئی آسامیوں پر پابندی، دراصل سرکاری ڈھانچے کو غیر ضروری بھاری پن سے بچانے کی کوشش ہے۔ اسی طرح گاڑیوں اور مشینری کی خریداری پر پابندی، اور بیرون ملک دوروں و علاج پر روک، ایسے اقدامات ہیں جو مجموعی طور پر غیر پیداواری اخراجات کو کم کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ یہ رقم بچانے کا عمل، اگرچہ چھوٹے چھوٹے فیصلوں پر مشتمل ہے، لیکن اس کا مجموعی نتیجہ قومی خزانے کے لیے خاصا مثبت خیز ثابت ہو سکتا ہے۔ عالمی مالیاتی اداروں کی جانب سے بھی پاکستان کو مالی نظم و ضبط برقرار رکھنے کی تجاویز دی جاتی رہی ہیں، اور حکومت کا یہ فیصلہ اس سمت میں ایک درست پیش رفت ہے۔

یہ بھی دیکھنا ضروری ہے کہ خطے کی کشیدگی کا اثر صرف تیل کی قیمتوں تک محدود نہیں بلکہ اس سے عالمی سپلائی چین، بحری تجارت کے راستے، اور مالیاتی منڈیوں کا استحکام بھی متاثر ہوتا ہے۔ اگر ایران اور اسرائیل کے درمیان تنازعہ طویل ہوا یا مزید ممالک اس میں ملوث ہوئے، تو اس کے اثرات پوری دنیا کی معیشت پر پڑیں گے، اور پاکستان جیسے ممالک کے لیے درآمدی لاگت میں اضافہ، افراط زر کا دباؤ اور بیرونی ادائیگیوں کا توازن برقرار رکھنا مزید مشکل ہو جائے گا۔ ایسے حالات میں پہلے سے کیے گئے احتیاطی اقدامات، جیسے کفایت شعاری کی پالیسی، حکومت کو لچک فراہم کرتے ہیں اور کسی بھی ممکنہ معاشی جھٹکے کو برداشت کرنے کی صلاحیت بڑھاتے ہیں۔

وزیراعظم شہباز شریف کی حکومت نے مسلسل یہ ثابت کیا ہے کہ وہ ملکی معیشت کو مستحکم بنیادوں پر کھڑا کرنے کے لیے سنجیدہ ہے۔ حالیہ مہینوں میں معاشی اشاریوں میں بہتری، بیرونی قرضوں کی بروقت ادائیگی، اور مالیاتی نظم وضبط کی مثالیں اس بات کی گواہ ہیں کہ حکومت درست سمت میں پیش رفت کر رہی ہے۔ کفایت شعاری کے اقدامات کا تسلسل اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے، جو یہ ظاہر کرتی ہے کہ حکومت وقتی سیاسی فائدے کے بجائے طویل المدتی معاشی استحکام کو ترجیح دے رہی ہے۔ یہاں یہ بات بھی پیش نظر رکھنی چاہیے کہ کفایت شعاری کے اقدامات محض عارضی نوعیت کے نہیں ہونے چاہئیں بلکہ انہیں ایک مستقل ادارہ جاتی پالیسی کا حصہ بنانا وقت کی ضرورت ہے۔

گڑھی خیرو میں زرعی پانی کا بحران: کسانوں کا معاشی قتل اور ریاستی ذمہ داریاں

تحریر: صوفی عبدالقیوم جکھرانی

سندھ کی دھرتی کو ہمیشہ سے زرعی خوشحالی کا محور سمجھا گیا ہے، مگر آج اسی زرعی خطے کے کئی دیہی علاقے بدترین پانی کی قلت کے باعث تباہی کے آخری کنارے پر پہنچ چکے ہیں۔ ایسا ہی ایک دلگیر اور دردناک داستان جیکب آباد ضلع کا اہم تحصیل گڑھی خیرو پیش کرتا ہے، جہاں پانی کی ہٹ دھرمی، مجرمانہ اور غیر منصفانہ بندش کی وجہ سے کسان، مزدور اور آبادکار سراپا احتجاج بنے ہوئے ہیں۔ یہاں کا محنتی کسان، جو اپنے پسینے کی کمائی سے دھرتی کا سنگھار کرتا ہے، آج وہ اپنی ہی آنکھوں کے سامنے اپنے ہی ہاتھوں سے اگائی گئی فصلوں کو جلتے دیکھ کر سراسر تباہی کی لپیٹ میں آ چکا ہے۔

تعلقہ گڑھی خیرو کے اہم نہریں، شاخیں اور مائنر اس وقت پانی سے اکثر محروم رکھے گئے ہیں۔ پانی کی مسلسل اور مبینہ مصنوعی قلت کی وجہ سے علاقے میں زرعی بحران انتہائی خطرناک صورتحال اختیار کر چکا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ہزاروں ایکڑ پر کھڑی دھان کی سرسبز فصل، جس پر کسانوں نے اپنی سال بھر کی پونجی اور محنت لگائی تھی، پانی نہ ملنے کی وجہ سے سوکھ کر تباہ ہو چکی ہے۔ اس کے علاوہ، آئندہ سیزن اور فصل کے لیے تیار کردہ ہزاروں ایکڑ پر کاشت شدہ دھان کی قیمتی بیجی بھی تپتی زمین پر جل کر ختم ہو رہی ہے، جس کی وجہ سے کسانوں کی تمام امیدیں مٹی میں مل رہی ہیں۔

آج کا کسان پہلے ہی ملک میں جاری مہنگائی کے طوفان، مہنگے بیج، کھاد اور تیل کی قیمتوں کا سامنا کر رہا ہے۔ ہائبرڈ یا جدید دھان کے اچھے بیج کا ایک تھیلا آج کل ادھار پر تقریباً 12 ہزار روپے تک حاصل کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد زمین کی تیاری، مہنگی کیمیائی کھاد، زرعی ادویات، روزانہ کی مزدوری، ٹیوب ویلوں کے لیے ڈیزل اور دیگر مسلسل اخراجات بے حساب بڑھ چکے ہیں۔

کسانوں کے ابتدائی سروے اور زمینی حقائق کی بنیاد پر، پہلے ہی غربت کا شکار اس تعلقہ کو صرف پانی کی قلت کی وجہ سے ایک اندازے کے مطابق 50 ارب روپے سے زائد کا شدید مالی نقصان پہنچایا گیا ہے۔ اپنی سال بھر کی محنت آنکھوں کے سامنے برباد ہوتے دیکھ کر کسان شدید ذہنی تناؤ، پریشانی اور قرضوں کے بڑھتے ہوئے بوجھ تلے آ چکے ہیں، جس سے نہ صرف ان کی محنت ضائع ہوئی ہے بلکہ پورے خاندان کی بقا، بچوں کی تعلیم اور گھر کا روزمرہ خرچ چلانا بھی مشکل ہو گیا ہے۔

یہ موجودہ بحران کسی قدرتی آفت سے کم نہیں ہے، لیکن حقیقت میں یہ ایک مصنوعی اور نااہلی کی پیداوار آفت ہے، جس کے براہِ راست ذمہ دار متعلقہ آبپاشی محکمے کے عملے اور بااثر لوگ ہیں، جو پانی کی منصفانہ تقسیم کرنے میں مکمل طور پر ناکام رہے ہیں۔ نہروں کے آخری سروں (پچھڑیوں) پر بیٹھے غریب کسانوں کو ایک قطرہ بھی پانی نہیں ملتا، جبکہ نہروں کے اوپری حصوں پر غیر قانونی واٹر کورسز کھول کر پانی چوری کیا جا رہا ہے۔ اگر فوری طور پر تعلقہ کی تمام نہروں اور شاخوں میں پانی کی منصفانہ فراہمی کو یقینی نہ بنایا گیا، تو جو تھوڑی بہت فصل بچی ہے، وہ بھی مکمل طور پر تباہ ہو جائے گی۔

متاثرہ کسانوں، آبادکاروں اور باشعور حلقوں کی طرف سے وقت کی حکومت کو درج ذیل واضح مطالبات پیش کیے جاتے ہیں، جن پر فوری عمل درآمد ضروری ہے:

1. زرعی آفت قرار دینا: گڑھی خیرو کو فوری طور پر "زرعی آفت زدہ علاقہ" (Calamity Area Hit) قرار دیا جائے تاکہ متاثرین کے لیے امداد کا اعلان کیا جا سکے۔

2. مالی گرانٹ اور فی ایکڑ معاوضہ: متاثرہ آبادکاروں کے لیے خصوصی مالی پیکیج جاری کیا جائے اور تباہ شدہ فصلوں کے بدلے فی ایکڑ مناسب معاوضہ فراہم کیا جائے۔

3. *زرعی قرضوں میں رعایت یا معافی: کسانوں پر چڑھے تمام زرعی قرضوں اور سود کو معاف یا مؤخر کیا جائے تاکہ وہ نئے سرے سے اپنے پیروں پر کھڑے ہو سکیں۔

4. پانی چوروں کے خلاف سخت کارروائی: نہروں اور شاخوں کے آخری سروں تک پانی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے اور غیر قانونی واٹر کورسز بنانے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے۔

اگر اب بھی حکومت اور متعلقہ حکام نے اپنی آنکھیں بند رکھیں تو یہ زرعی بحران نہ صرف گڑھی خیرو کے کسانوں کو ہمیشہ کے لیے معاشی طور پر تباہ کر دے گا، بلکہ پورے علاقے کی معیشت، تجارت اور خوراک کی پیداوار کو بھی شدید نقصان پہنچائے گا۔ وقت کا تقاضا یہ ہے کہ سیاسی مصلحتوں اور غفلت سے بالاتر ہو کر فوری طور پر عملی اقدامات کیے جائیں تاکہ سندھ کی زرعی شناخت اور غریب کسانوں کا مستقبل بچایا جا سکے۔

کینیڈین وزیرخارجہ کا دورہ پاکستان

مشفق لولابی

کینیڈا کی وزیرِ خارجہ انیتا آنند کا دورہ پاکستان اس اعتبار سے غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے کہ تقریباً دو دہائیوں بعد کسی کینیڈین وزیر خارجہ نے اسلام آباد کا رخ کیا۔ گزشتہ دو دہائیوں میں اعلیٰ سطح پر رابطوں میں جو تعطل رہا اس نے تعلقات کی رفتار کو متاثر کیا۔ ایسے میں کینیڈین وزیر خارجہ کا دورہ محض ایک رسمی سفارتی سرگرمی نہیں بلکہ اس بات کا اظہار ہے کہ بین الاقوامی برادری خطے میں تیزی سے بدلتی ہوئی صورتحال میں پاکستان کی اہمیت اور اس کے کردار کو نئے سرے سے تسلیم کر رہی ہے۔ اس دورے کی نوعیت اور اس کے پس منظر کو سمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ ہم گزشتہ چند برسوں میں کینیڈا اور بھارت کے تعلقات میں پیدا ہونے والی کشیدگی کو بھی مدنظر رکھیں۔ کینیڈا کی سرزمین پر سکھ رہنماؤں کے خلاف بھارتی اقدامات اور دہشت گردی کی کارروائیوں نے دونوں ممالک کے تعلقات میں دراڑ ڈالی۔

اس دورے کا ایک اور نمایاں پہلو یہ ہے کہ کینیڈا نے افغانستان کی سرزمین سے پاکستان میں ہونے والی دہشت گردی کے حوالے سے پاکستان کے موقف کی تائید کی ہے۔ یہ امر پاکستان کی سفارتی کامیابی کا واضح ثبوت ہے کیونکہ پاکستان طویل عرصے سے یہ موقف اپناتا آیا ہے کہ افغان سرزمین کو کالعدم دہشت گرد تنظیموں اور گروہوں کی جانب سے پاکستان کے خلاف کارروائیوں کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے۔ جب دنیا کے بااثر ممالک اس بیانیے کی توثیق کرتے ہیں تو اس سے نہ صرف پاکستان کا موقف مضبوط ہوتا ہے بلکہ عالمی سطح پر افغان حکومت پر بھی دباؤ بڑھتا ہے کہ وہ اپنی سرزمین کو دہشت گردی کے لیے استعمال ہونے سے روکے۔ یہ پیش رفت پاکستان کی مسلسل اور مربوط سفارت کاری کا نتیجہ ہے جس کے تحت حکومت اور عسکری قیادت نے مختلف عالمی فورمز پر پاکستان کا موقف پوری قوت سے پیش کیا۔

معاشی اعتبار سے دیکھا جائے تو کینیڈا کی جانب سے پاکستان کے لیے 4 کروڑ 70 لاکھ ڈالر کی امداد کا اعلان اور تجارت و زراعت کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق خوش آئند خبریں ہیں۔ پاکستان کو اس وقت جس نوعیت کے معاشی چیلنجز کا سامنا ہے ان کے پیش نظر بیرونی امداد اور غیر ملکی سرمایہ کاری کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ زراعت پاکستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے اور اگر کینیڈا جیسے ترقی یافتہ ملک کے ساتھ اس شعبے میں جدید ٹیکنالوجی، تحقیق اور تربیت کے تبادلے کو فروغ دیا جائے تو اس سے پیداواری صلاحیت میں نمایاں اضافہ ممکن ہے۔ اسی طرح تجارت کے شعبے میں تعاون بڑھنے سے پاکستانی مصنوعات کو نئی منڈیاں میسر آ سکتی ہیں جو ملکی برآمدات میں اضافے اور زرِمبادلہ کے ذخائر کو مستحکم کرنے میں معاون ثابت ہو سکتی ہیں۔

تاہم یہاں یہ سوال بہرحال اہم ہے کہ آیا حکومت ان مواقع سے بھرپور فائدہ اٹھانے کی صلاحیت اور عزم رکھتی ہے یا نہیں؟ ماضی میں پاکستان کو کئی مواقع پر بین الاقوامی تعاون اور امداد کے دروازے کھلتے دکھائی دیے مگر داخلی سطح پر پالیسیوں کے تسلسل کے فقدان، بیوروکریٹک رکاوٹوں اور سیاسی عدم استحکام کے باعث ان مواقع سے وہ فائدہ نہ اٹھایا جا سکا جس کی توقع کی جا رہی تھی۔ محض سفارتی سطح پر خوشگوار بیانات اور معاہدوں پر دستخط کر لینا کافی نہیں بلکہ ضرورت اس امر کی ہے کہ ان معاہدوں پر عمل درآمد کے لیے ایک واضح اور ٹھوس حکمت عملی تشکیل دی جائے۔ اگر کینیڈا کے ساتھ طے پانے والے معاہدے بھی محض کاغذی کارروائی تک محدود رہے تو اس دورے کی حقیقی افادیت ماند پڑ جائے گی۔

حکومت کو چاہیے کہ وہ اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے سب سے پہلے سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول پیدا کرے۔ غیر ملکی سرمایہ کار اسی ملک میں سرمایہ کاری کرتے ہیں جہاں انھیں تحفظ، شفافیت اور پالیسیوں میں تسلسل کا یقین ہو۔ اگر پاکستان واقعی کینیڈا اور دیگر مغربی ممالک سے سرمایہ کاری اور تجارتی تعاون کا خواہاں ہے تو اسے اپنے ٹیکس نظام، قانونی ڈھانچے اور کاروباری ضوابط میں ایسی اصلاحات لانا ہوں گی جو غیر ملکی سرمایہ کاروں کے اعتماد کو بحال کر سکیں۔ اسی طرح زرعی شعبے میں تعاون کو محض اعلانات تک محدود رکھنے کی بجائے عملی منصوبوں کی صورت میں آگے بڑھانا ہوگا اور اس سلسلے میں جدید بیجوں، آبپاشی کے نظام اور فصلوں کی پیداواری صلاحیت بڑھانے کے لیے تکنیکی تربیت کے پروگراموں سے مدد لی جائے۔

علاوہ ازیں، حکومت کو سفارتی سطح پر تعلقات کے فروغ کی رفتار کو برقرار رکھنا ہوگا۔ محض ایک دورے سے تعلقات میں فوری اور دیرپا تبدیلی کی توقع رکھنا مناسب نہیں بلکہ اسے ایک تسلسل کا آغاز سمجھنا چاہیے۔ یہاں یہ امر بھی قابلِ ذکر ہے کہ کینیڈا میں مقیم پاکستانی کمیونٹی دونوں ممالک کے تعلقات میں ایک پل کا کردار ادا کر سکتی ہے۔ یہ کمیونٹی نہ صرف کینیڈا کی معیشت میں فعال کردار ادا کر رہی ہے بلکہ دونوں ممالک کے مابین ثقافتی اور کاروباری روابط کو مضبوط بنانے کی صلاحیت بھی رکھتی ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں کو سرمایہ کاری کے لیے مزید مراعات اور سہولیات فراہم کرے تاکہ وہ اپنے وطن کی ترقی میں براہِ راست کردار ادا کر سکیں۔

یاد رکھنے کی بات یہ ہے کہ بین الاقوامی سیاست میں مواقع اکثر عارضی ہوتے ہیں اور جو ممالک بروقت ان سے فائدہ اٹھا لیتے ہیں وہی طویل مدتی فوائد سمیٹتے ہیں۔

روشن کرنیں

بلوچستان آبزرور

اے لوگو! جو ایمان لائے ہو، اللہ سے توبہ کرلو، خالص توبہ

جب دسمبر 2019ء کو چین کے شہر ووہان سے پھوٹنے والی وبا ''بین الاقوامی وبا'' سے لاکھوں انسان متاثر اور ہزاروں اپنے خالقِ حقیقی سے جا ملے۔

اس وقت چہار سُو خوف کے بادل چھائے ہوئے 'ہر طبقہ فکر سے تعلق رکھنے والا انسان کورونا سے متعلق سوچ اور بحث کر رہا تھا۔ مُحیّر طبقے کے خواتین وحضرات کی پریشانیوں اور غم کی نوعیت الگ ہے، جبکہ متوسط اور محروم طبقے کی پریشانی کا عالم جدا ہے۔ مبصرین طرح طرح کے تبصرے کر رہے ہیں۔

بہرحال انسانیت سوچنے پر مجبور ہے۔ ہر طرح کی ٹیکنالوجی بے بس ہو چکی ہے۔ انسانیت خوف میں مبتلا ہے۔ ہر ایک مجبور و بے بس ہے۔ مصروف ترین زندگی گزارنے والے گھروں میں بیٹھے ہیں۔ تعلیمی ادارے، اسکول، مدارس، دفاتر، مارکیٹیں، ریسٹورنٹس سب بند کر دیے گئے ہیں۔ مشہور شاہراہیں اور گلیاں ویران ہیں۔ بازار سنسان ہیں، ہر طرف ہُو کا عالم ہے۔ اذہان کچھ سوچنے، سمجھنے کی صلاحیت سے عاری ہو رہے ہیں۔

آخر یہ کیا ہوا کہ اتنے چھوٹے وائرس نے جو نظر بھی نہیں آتا، پوری دنیا کو ہلا کر رکھ دیا! رُخِ زندگی بالکل بدل گیا! مصروف ترین لوگ فارغ ہیں، کیا کریں؟ کہاں جائیں؟ حل کیا ہو؟

اگر ہم غور کریں اور ماضی کے جھروکوں میں جھانکیں تو انبیائے کرام علیہم السلام کی قوموں پر عذاب آتے رہے۔ ایک نظر دیکھتے ہیں انبیاء کی قوموں پر کیا کیا عذاب نازل ہوئے:

پیغمبر کا نام... قوم کی خطائیں... سزا

حضرت نوحؑ ... شرک... اللہ کی نافرمانی، نبی کا انکار و مذاق... شدید بارش سیلاب میں غرق ہوئے۔

حضرت لوطؑ ... ہم جنس پرستی، نبی کی نافرمانی، تکبر... پتھروں کی بارش اور آندھی سے ہلاک ہوئے۔

حضرت شعیبؑ... اللہ کی راہ میں چلنے والوں کو روکنا، ناپ تول میں کمی... زلزلہ اور آگ کے عذاب میں گرفتار ہوئے۔

حضرت موسیٰؑ ... شرک، فرعون کی پیروی، کتاب اللہ میں تحریف ... صورتیں مسخ ہوئیں اور سمندر میں غرق ہوئے۔

حضرت ہودؑ ... نبی کو جھٹلایا، باپ دادا کی اندھی تقلید، سرکشی اور غرور... سخت ہوا کا طوفان، کئی روز تک چلنے والی آندھی سے ہلاک کیے گئے۔

حضرت صالحؑ ... شرک، تکبر، ڈھٹائی کے ساتھ انکارِ حق، اللہ کی نشانی پر دست درازی... سخت چنگھاڑ اور زلزلہ سے ہلاک ہوئے۔

اے امتِ محمدیہؐ ...! اگر ہم غور کریں تو مخبرِ صادقؐ کی امت ہر طرح کی برائی میں مبتلا ہوگئی ہے، نتیجتاً آج ہم شدید آزمائش سے دوچار ہو چکے ہیں۔

1- ہم بھول گئے کہ جس کی زمین ہے اُس کا اختیار ہے، ہم نے اپنی ضرورتیں انسانوں سے وابستہ کر لیں۔

2- ہم بھول گئے کہ نبیِ مہربانؐ ہی ہمارے ہادی و رہنما ہیں، ہم انسانوں کی بے جا افترا اور خوف میں مبتلا ہو گئے۔

3- ہم بھول گئے کہ قرآن مجید انفرادی اور اجتماعی زندگی گزارنے کے لیے رہنما کتاب ہے۔

4- ہم بھول گئے کہ زبان و دل کی حفاظت میری ہی ذمہ داری ہے۔ ہم بھول گئے کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے اہم فریضے کی ادائیگی کے لیے اللہ کے نائب کی حیثیت سے دنیا میں بھیجے گئے ہیں۔

5- ہم اپنی مشکلات کا حل دولت کے استعمال، سفارش، کرپشن اور لوٹ کھسوٹ کو سمجھنے لگے۔

6- ہم بھول گئے کہ ہمیں اللہ کے بندوں کو بندوں کی غلامی سے نکال کر رب کی غلامی میں دینا ہے۔

7- ہم کساد بازاری، سود خوری، رشوت، خودغرضی، جھوٹ، غیبت، حسد، انا میں ایک دوسرے سے آگے بڑھنے لگے۔

عظیم ہم وطنو! ہمارے رب نے ہمیں جھنجھوڑا اور بھولے ہوئے سبق یاد دلائے۔ حدیث کا مفہوم ہے: امتِ مسلمہ جسدِ واحد کی مانند ہے ... رب نے یاد دلایا کہ کشمیر میں رونے، تڑپنے اور لاک ڈاؤن میں روز و شب گزارنے والے تمہارے ہی بدن کے حصے ہیں۔ برما میں بے گھر اور بے در ہونے والے بھی تمہارے ہی بھائی تھے۔ شام کی سرحدوں پر دریاؤں کے کنارے زلتی معصوم بچوں کی لاشیں بھی تمہیں متوجہ نہ کر سکیں۔ انڈیا میں مسلم کُش فسادات کے نتیجے میں بہنے والا لہو بھی تمہیں نہ تڑپا سکا۔

دنیا کے مختلف ممالک جہاں بھی مسلمان ظلم کی چکی میں پس رہا ہے۔

جہاں آج مسلمان عورت کی ردا تار تار ہے۔

جہاں مسلمان عورت کی عصمت دری ہوتی ہے۔

جہاں امتِ مسلمہ کے نوخیز پھول مسلے جاتے ہیں۔

جہاں نوجوان توپوں اور گولیوں کا نشانہ بنتے ہیں۔

ہمارے ہی وطن میں حوّا کی بیٹی حیا کی چادر سے بے خبر ہو چکی ہے۔

اولاد والدین کا ادب بھول چکی ہے۔ ہر ایک نفسانفسی کے عالم میں ہے۔ ہر ایک یہ کہنے کو تیار ہے کہ آپ کو کیا غرض! میں بہت سمجھتا ہوں۔ فرائض کی ادائیگی کی فکر کم سے کم اور حقوق کی طلب میں اضافے نے خودغرضی میں اضافہ کر دیا ہے۔ امیر امیر تر اور غریب غریب تر ہو رہا ہے۔ معاشرے میں طبقاتی کشمکش نے غریب کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ کہیں غریب خودکشی کرنے اور اولاد بیچنے پر مجبور ہے، اور کہیں وڈیروں کے کتے عمدہ غذائیں کھاتے ہیں۔

جب اقوام اللہ کی طرف سے عائد فرائض کو ترک کر دیتی ہیں اور غلط اور صحیح کے پیمانے خود مقرر کر لیتی ہیں تو فتنوں کی زد میں آ جاتی ہیں۔ نبیِ مہربانؐ نے فرمایا: لوگو! اُس وقت تمہارا کیا حال ہوگا، جب تمہاری عورتیں حدود سے نکل پڑیں گی، تمہارے جوان نافرمان ہو جائیں گے، اور تم جہاد کو چھوڑ بیٹھو گے''۔ صحابہ کرام نے عرض کیا: اے اللہ کے رسولؐ واقعی ایسا بھی ہوگا؟ آپؐ نے فرمایا: اُس وقت تمہارا کیا حال ہوگا جب تم امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کو چھوڑ بیٹھو گے۔

صحابہؓ نے کہا: اے اللہ کے رسولؐ کیا ایسا بھی ہونے والا ہے؟

ہاں قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، اس سے بھی زیادہ ہوگا۔

اب صحابہؓ نے کہا: اے اللہ کے رسولؐ اس سے زیادہ اور کیا ہوگا؟

آپؐ نے فرمایا: اُس وقت تمہارا کیا حال ہوگا جب تم معروف کو منکر اور منکر کو معروف سمجھنے لگو گے۔

پھر آپؐ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کہتا ہے: جب ایسی صورت حال ہو جائے گی تو میں ان کے لیے ایسا فتنہ برپا کر دوں گا کہ جس میں صاحبانِ عقل و ہوش حیران وششدر رہ جائیں گے۔

(ابن ابی الانبیاء۔ چند نکات کلام نبویؐ کی صحبت میں۔ صفحہ نمبر 61)

دیکھیے آج یہ حالات پوری طرح نظر آ رہے ہیں۔ اے وطنِ عزیز کے باسیو! بالآخر رب رحمٰن نے ہمیں جھنجھوڑا کہ پلٹ آؤ۔ فرمانِ الٰہی ہے:۔

''اے لوگو! جو ایمان لائے ہو، اللہ سے توبہ کرلو، خالص توبہ... بعید نہیں کہ اللہ تمہاری برائیاں تم سے دور کر دے اور تمہیں ایسی جنتوں میں داخل فرما دے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی، یہ وہ دن ہوگا جب اللہ اپنے نبی کو اور اُن لوگوں کو جو ان کے ساتھ ایمان لائے ہیں، رسوا نہ کرے گا۔ ان کا نور ان کے آگے آگے اور ان کے دائیں جانب دوڑ رہا ہوگا اور وہ کہہ رہ

1

اٹھارہ دستان سے تعلق رکھنے والے چھ دہشت گردوں کو ہلاک کیا، جبکہ خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کیے گئے آپریشن کے دوران متعدد دہشت گردوں کو گرفتار بھی کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ گرفتار ہونے والوں میں سہولت کاروں کے علاوہ مرد اور خواتین خودکش بمبار بھی شامل ہیں، جو دہشت گرد تنظیم کے مذموم عزائم کا واضح ثبوت ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آپریشن کے دوران دہشت گردوں کی متعدد کمین گاہیں تباہ کی گئیں اور ان کے ٹھکانوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا گیا، جو سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور مؤثر انٹیلی جنس کو ظاہر کرتا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ حالیہ دہشت گرد کارروائیوں کے بعد مستونگ اور گردونواح میں انٹیجنس بیسڈ آپریشنز مزید مؤثر اور تیز کیے گئے ہیں، جبکہ علاقے میں سرچ اور کلیئرنس آپریشن جاری ہے تاکہ کسی بھی دہشت گرد کو فرار ہونے کا موقع نہ مل سکے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کیلئے کوئی محفوظ پناہ گاہ نہیں رہے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے والے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور دہشت گردی کے ہر نیٹ ورک کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے گا وزیراعلیٰ نے سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، جرات اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم اپنے بہادر جوانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت بلوچستان وفاقی حکومت اور تمام سیکیورٹی اداروں کے ساتھ مکمل ہم آہنگی کے ذریعے دہشت گردی کے خاتمے اور صوبے میں پائیدار امن کے قیام تک اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔

2

ڈالر تک پہنچنے پر وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی اور تمام ٹیم کی پزیرائی۔ وزیراعظم نے کہا کہ آئی ٹی برآمدات میں نمایاں اضافہ حکومت کی ڈیجیٹل معیشت کی ترقی کیلئے لئے جانے والے اقدامات پالیسیوں کا ثمر ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ ملک میں آئی ٹی کے شعبے کا فروغ اور آئی ٹی سے متعلق برآمدات میں اضافہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ آئی ٹی کے شعبے میں دیئے جانے والے تربیتی کورسز کی معتبر تھرڈ پارٹی ویلیڈیشن یقینی بنائی جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ آئی ٹی کے شعبے میں تربیت کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ وزیراعظم نے ملک بھر میں ڈیجیٹل انفراسٹرکچر مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ اجلاس کو وفاقی وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کام کی کارکردگی پر بریفنگ دی گئی۔ بتایا گیا کہ موبائل ایکسٹینشنز کی دستیابی جون 2025 میں 274 میگا ہرٹز سے بڑھ کر جون 2026 میں 880 میگا ہرٹز ہوگئی، موبائل ایکسٹینشنز میں اضافے سے انٹرنیٹ کی رفتار اور ٹیکنالوجی میں نمایاں بہتری آئے گی۔ بتایا گیا کہ وزیراعظم کو "کنیکٹ پاکستان وژن 2030" کے اجزاء کی تیاریوں پر بریفنگ دی گئی۔ بتایا گیا کہ موقع دینے کی بات کررہا ہے، پاکستان نے امید کا دامن نہیں چھوڑا، امن کی طرف واپس آنے کیلئے اسلام آباد ایم او یو ہی بنیادی ڈھانچہ فراہم کرتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ آسیان ریجنل فورم کے موقع پر نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی آسٹریلین وزیر خارجہ پینی ونگ سے ملاقات ہوئی ہے، جس میں پاک آسٹریلیا تعلقات اور باہمی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

6

سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والوں اداروں کی مسلسل کوششیں بلوچستان میں دیرپا امن لائیں گی، فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے خلاف ٹارگیٹڈ آپریشنز جاری رہیں گے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے عوام کی بھرپور حمایت سے بلوچستان میں دیرپا امن لائیں گے، یہ آپریشنز بھرپور عزم اور دہشت گردی اور اس کے سہولت کاروں کے خاتمے تک جاری رہیں گے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل نے ملک کے مستقبل کی سمت کے تعین کیلئے قومی اتحاد اور ثابت قدمی کی ضرورت پر بھی زور دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج عوام کے اتحاد، عوام اور ثابت قدمی کی بدولت ان مذموم عزائم کو ناکام بنائیں گی۔

7

اوور بلنگ کے تحت اربوں روپے کا اضافی بوجھ ڈال دیا ہے، شکایت موصول نہ ہونے پر صارفین کو ان کی رقم بھی واپس نہیں کی جاتی۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس چیئرمین کمیٹی شاہدہ اختر کی زیرصدارت ہوا جہاں آڈٹ حکام نے بریفنگ میں بتایا کہ جو صارفین اوور بلنگ ریفنڈ کلیم کیلئے اپلائی نہیں کرتے ان کو پیسے واپس نہیں ملتے، جن کی اوور بلنگ کی شکایت نہیں آتی ان کو کچھ نہیں ملتا۔ کمیٹی کے رکن سینیٹر افنان اللہ نے کہا کہ لوگوں نے اپنے زیور بیچ کر بل ادا کیے ہیں، یہ کون سا طریقہ ہے، 90 کروڑ 46لاکھ یونٹس پر 2لاکھ 78ہزار صارفین کو ریفنڈ دیے گئے، ایک صارف 3200 یونٹ کیسے استعمال کرسکتا ہے، جن کو ریفنڈ دیا گیا ان میں انڈسٹریل صارفین بھی شامل تھے۔ لیسکو کے سی ای او نے کہا کہ کچھ ٹیوب ویل اور انڈسٹریل صارفین بھی شامل تھے، بجلی چوروں نے چوری کیلئے بڑے اسمارٹ طریقے اپنائے ہوئے ہیں، چند صارفین اپنے بیڈز میں ڈیوائسز لگا کر میٹرز کنٹرول کررہے ہیں

8

کا اظہار اور تمام فریقین پر عمل کا مظاہرہ کرنے پر زور دیتے ہوئے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ مذاکرات و سفارتکاری کی کوششوں کی حمایت جاری رکھے گا، تجارتی جہازوں کو دھمکیاں علاقائی امن، عالمی تجارت کیلئے سنگین خطرہ ہیں، افغان طالبان رجیم دہشت گرد تنظیموں کی پشت پناہی کررہی ہے، افغانستان میں دہشت گردوں کے محفوظ ٹھکانے بدستور موجود ہیں، عالمی برادری دہشت گردوں کی پشت پناہی پر افغان طالبان کو جواب دہ ٹھہرائے۔ ترجمان دفتر خارجہ طاہر حسین اندرابی نے ہفتہ وار بریفنگ کے دوران کہا کہ پاکستان نے سعودی عرب کے خلاف حوتی ملیشیا کی مسلسل دھمکیوں پر شدید تشویش کا اظہار کیا، بحیرہ احمر میں تجارتی جہازوں کو نشانہ بنانے کے اعلانات کی شدید مذمت کی، تجارتی جہازوں کو دھمکیاں علاقائی امن، عالمی تجارت کیلئے سنگین خطرہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اپنے بحری مفادات کے تحفظ کیلئے پرعزم ہے، بحری جہازوں کو دھمکیاں عالمی قانون اور بحری اصولوں کی کھلی خلاف ورزی ہیں۔ طاہر حسین اندرابی نے کہا کہ پاکستان کو مشرق وسطیٰ میں کشیدگی پر تشویش ہے، پاکستان نے تمام فریقوں کو ضبط وتحمل کا مظاہرہ کرنے پر زور دیا، پاکستان مذاکرات اور سفارتکاری کی کوششوں کی حمایت جاری رکھے گا

9

سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈی آئی جی آپریشنز اسلام آباد پولیس محمد جواد طارق نے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کو وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کی مجموعی صورتحال اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے کیے جانے والے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ، امن و امان کا قیام اور محفوظ ماحول کی فراہمی ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے متعلقہ اداروں پر زور دیا کہ جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرتے ہوئے عوام کو مزید مؤثر اور معیاری سکیورٹی سہولیات فراہم کی جائیں۔ بعد ازاں ڈائریکٹر جنرل پاکستان منرلز اتھارٹی شاہد قریشی نے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سے ملاقات کی اور ادارے کی کارکردگی، مستقبل کے منصوبوں اور درپیش چیلنجز سے آگاہ کیا۔

10

غلط انداز میں پیشکش، پریویشن آف الیکٹرانک کرائمز ایکٹ (پیکا) کے تحت سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (NCCIA) کی جانب سے جاری کیے گئے نوٹسز، پیکا سے متعلق مقدمات کی این سی سی آئی اے کو منتقلی، صحافیوں کیلئے پلاٹس کی الاٹمنٹ، علاقائی اخبارات کے اشتہاری کوٹے اور ریڈیو پاکستان کے پنشنرز کو درپیش مسائل شامل تھے۔ اجلاس میں سینیٹر عبدالشکور، سینیٹر سید وقار مہدی، سینیٹر پرویز رشید اور سینیٹر جان محمد نے بھی شرکت کی۔ اجلاس کے دوران نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی نے لمیٹڈ کوسوشل میڈیا سے متعلق اعداد و شمار اور میٹا کی جانب سے قابل اعتراض مواد ہٹانے کے

قیام کیلئے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا جس کا دارالحکومت القدس الشریف ہو

5

حوثی ملیشیا کی جانب سے سعودی عرب اور بحیرہ احمر میں کمرشل جہاز رانی کو دھمکیوں کی مذمت کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم سعودی عرب کی علاقائی سلامتی اور خودمختاری کے تحفظ کا اعادہ کرتے ہیں، یمن کے مسلح گروہوں کی جانب سے سعودی عرب پر حملے خطے کی صورتحال کو مزید خراب کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی جانب سے کشیدگی میں کمی کیلئے کوششیں جاری ہیں اور ایرانی وزیر داخلہ نے اسی مناسبت سے پاکستان کا دورہ کیا ہے۔ طاہر اندرابی نے بتایا کہ 18 جولائی کو علاقائی صورتحال کے تناظر میں پاک کویت وزرائے خارجہ کی گفتگو ہوئی۔ گزشتہ روز ٹیلیفونک انٹرویو میں آسیان اجلاس کی سائیڈ لائنز پر پاک مصر وزرائے خارجہ کی ملاقات ہوئی۔ پاک مصر وزرائے خارجہ نے تمام ممالک کی علاقائی سالمیت اور خودمختاری کے تحفظ پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار آج شنگھائی تعاون تنظیم کے وزرائے خارجہ اجلاس میں شرکت کیلئے بشکیک پہنچیں گے، جہاں ان کی کرغزستان کے صدر سمیت اپنے ہم منصبوں سے ملاقاتیں ہوں گی۔ ترجمان نے کہا کہ نائب وزیراعظم نے فیلپائن میں آسیان ریجنل فورم کے 34ویں اجلاس میں شرکت کی۔ پاکستان 2004 سے آسیان ریجنل فورم کا رکن ہے۔ روس کے وزیر خارجہ سرگئی لاوروف سے نائب وزیراعظم کی ملاقات میں دوطرفہ تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا۔ نائب وزیراعظم کی بنگلادیش کے وزیر خارجہ و جنرل اسمبلی کے نومنتخب صدر خلیل الرحمٰن سے بھی ملاقات ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور کینیڈا نے زراعت، تجارت و سرمایہ کاری سمیت شعبوں میں تعاون کے سمجھوتوں پر دستخط کیے۔ پاکستان یورپی یونین کی جی ایس پی رپورٹ کا خیرمقدم کرتا ہے۔ یورپی یونین کی رپورٹ مجموعی طور پر پاکستان کی جانب سے کی جانے والی پیشرفت کا احاطہ نہیں کرتی۔ جی ایس پی پلس درجہ دونوں فریقوں کیلئے باہمی طور پر مفید ہے۔ پاکستان یورپی کمیشن اور دیگر اداروں کے ساتھ مثبت طور پر روابط برقرار رکھے گا۔ دفتر خارجہ کے ترجمان طاہر اندرابی نے کہا کہ پاکستان نے ایمنسٹی انٹرنیشنل کی رپورٹ کو مکمل طور پر مسترد کردیا ہے، یہ رپورٹ مکمل طور پر بے بنیاد ہے۔ افغانستان میں دہشت گرد گروہوں کی موجودگی علاقائی سلامتی کیلئے خطرہ ہے۔ کوئی ذمہ دار ریاست اپنے شہریوں کو نشانہ بنائے جانے کی صورت میں خاموش نہیں رہ سکتی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے افغانستان سے لاحق خطرات پر نپا تلا جواب دیا۔ پاکستان نے اپنی کارروائیوں میں صرف دہشتگردوں کے انفراسٹرکچر کو نشانہ بنایا۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل افغانستان کی صورتحال کے تناظر میں اصل وجوہات کو سامنے لانے میں ناکام رہی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان پرامن اور امن کو سفارتکاری کے ذریعے موقع دینے کی بات کررہا ہے، پاکستان نے امید کا دامن نہیں چھوڑا، امن کی طرف واپس آنے کیلئے اسلام آباد ایم او یو ہی بنیادی ڈھانچہ فراہم کرتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ آسیان ریجنل فورم کے موقع پر نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی آسٹریلین وزیر خارجہ پینی ونگ سے ملاقات ہوئی ہے، جس میں پاک آسٹریلیا تعلقات اور باہمی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

11

وقار تقریب میں غیر ملکی سفارت کاروں، بین الاقوامی تنظیموں کے نمائندوں، وفاقی و صوبائی حکام، ترقیاتی شراکت داروں اور صحافیوں نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے اس پالیسی کو محض ایک انتظامی فریم ورک کے بجائے دنیا بھر بالخصوص مشرق وسطیٰ، یورپ اور امریکہ میں مقیم 1 کروڑ 10 لاکھ سے زائد اوورسیز پاکستانیوں کیلئے ایک پختہ قومی عزم قرار دیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے اس بات پر زور دیا کہ تیز رفتار تکنیکی جدت، ڈیموگرافک تبدیلیوں اور بین الاقوامی لیبر مارکیٹ کی بدلتی ہوئی ضروریات نے روزگار کی عالمی دنیا کو بنیادی طور پر تبدیل کردیا ہے، جیسے جیسے مختلف ممالک باصلاحیت اور ہنرمند افرادی قوت کو ترجیح دے رہے ہیں

12

میں فروخت کرنے کی اجازت ختم کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور ان زونز کو اپنی 100 فیصد پیداوار برآمد کرنا ہوگی۔ وفاقی وزارت خزانہ حکام کے مطابق آئی ایم ایف کی شرط کے تحت ستمبر 2026 سے ایکسپورٹ پراسسنگ زونز کی پیداوار مقامی مارکیٹ میں فروخت کرنے کی اجازت ختم کردی جائے گی اور ان زونز کو اپنی 100 فیصد پیداوار برآمد کرنا ہوگی۔ حکام کے مطابق اس وقت ایکسپورٹ پراسسنگ زونز کو اپنی 20 فیصد پیداوار مقامی مارکیٹ میں فروخت کرنے کی اجازت حاصل ہے تاہم آئی ایم ایف نے اس رعایت کو برقرار رکھنے کی حکومتی درخواست مسترد کردی ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق حکومت نے مزید ایکسپورٹ پراسسنگ زونز کے قیام کی اجازت کی بھی درخواست کی تھی تاہم آئی ایم ایف نے اسے بھی قبول نہیں کیا۔

13

ایڈیشنل سیشن جج کوئٹہ سے سیشن کورٹ مستونگ آرہے تھے، واقعہ کے بعد علاقے کی ناکہ بندی کردی گئی ہے۔ زخمیوں اور لاشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ اپنے بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ پر حملہ ریاست پر حملہ ہے، دہشت گردوں کو ہر قیمت پر انجام تک پہنچائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ قانون کے محافظوں کا خون رائیگاں نہیں جائے گا، دہشت گردی کے ہر نیٹ ورک کو جڑ سے اکھاڑ پھینکیں گے۔ دریں اثناء سیکیورٹی فورسز کی بلوچستان میں آپریشنز ہیڈ موثر کارروائیاں جاری ہیں، مستونگ کے علاقہ کھڈ کوچ میں فتنہ الہندوستان کے 6 دہشتگرد مارے گئے۔ سیکیورٹی فورسز کی کارروائی کے دوران متعدد دہشتگرد گرفتار کیے گئے، گرفتار دہشتگردوں میں سہولتکار سیت مرد اور خواتین خودکش بمبار بھی شامل ہیں، کارروائی میں دہشتگردوں کے متعدد ٹھکانے تباہ کردیے گئے

14

انہیں سپرد خاک کردیا گیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے اسٹاف آفیسر سید امین کے مطابق نماز جنازہ اور تدفین میں صوبائی وزراء، مشیران، اراکین صوبائی اسمبلی، اعلیٰ سول و عسکری حکام، عدلیہ سے تعلق رکھنے والی شخصیات، وکلاء برادری اور معززین علاقہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر شہید ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ کی وطن اور قانون کی بالادستی کیلئے خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا گیا جبکہ ان کے درجات کی بلندی اور اہلِ خانہ کیلئے صبر جمیل کی دعا کی گئی سید امین نے بتایا کہ نماز جنازہ اور تدفین کے موقع پر سیکیورٹی کے خصوصی اور سخت انتظامات کیے گئے تھے

15

ڈان کرتے ہوئے 14 افراد کو گرفتار کرلیا۔ ڈائریکٹر ایف آئی اے بلوچستان بہرام مندوخیل کے مطابق کارروائی کے دوران نادرا، سوئی سدرن گیس لمیٹڈ، پاسپورٹ آفس اور میٹروپولیٹن کارپوریشن سے متعلق مبینہ اینجنسٹس کو حراست میں لیا گیا ہے، جو شہریوں کو مختلف سرکاری امور میں غیر قانونی سہولت کاری فراہم کرنے میں ملوث تھے۔ انہوں نے بتایا کہ گرفتار ملزمان مبینہ طور پر برتھ سرٹیفکیٹس، قومی شناختی کارڈز، پاسپورٹس اور دیگر سرکاری دستاویزات کے حصول کیلئے غیر قانونی طریقے سے سہولت فراہم کرتے اور شہریوں سے رقوم وصول کرتے تھے۔ ڈائریکٹر ایف آئی اے نے کہا کہ گرفتار ملزمان سے تفتیش جاری ہے اور ابتدائی تحقیقات کی روشنی میں ان کے نیٹ ورک میں شامل دیگر افراد کی نشاندہی کی جارہی ہے

16

اعادہ کیا۔ عالمی سطح پر بڑھتی ہوئی غیر یقینی صورتحال کے تناظر میں انہوں نے کہا کہ دیرپا امن کے قیام کیلئے سفارت کاری ہی واحد پائیدار راستہ ہے۔ وزارتی اجلاس کے دوران نائب وزیراعظم نے اہم علاقائی اور عالمی صورتحال پر پاکستان کا مقف پیش کیا۔ انہوں نے ایران اور امریکا کے درمیان جنگ کے دوران مذاکرات اور کشیدگی میں کمی کے فروغ کیلئے پاکستان کے تعمیری کردار کو اجاگر کیا۔ نائب وزیراعظم نے اس بات کا اعادہ کیا کہ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کا انحصار اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق تنازعہ جموں وکشمیر کے منصفانہ حل پر ہے

17

کشمیر کاز کی مضبوط حامی رہی ہے اور کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت اور ان کے بنیادی حقوق کیلئے ہر قومی و بین الاقوامی فورم پر بھرپور آواز اٹھاتی رہی ہے۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو ملاقات کرنے والے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ ڈی آئی جی آپریشنز اسلام آباد پولیس محمد جواد طارق نے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کو وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کی مجموعی صورتحال اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے کیے جانے والے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ، امن و امان کا قیام اور محفوظ ماحول کی فراہمی ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے متعلقہ اداروں پر زور دیا کہ جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرتے ہوئے عوام کو مزید مؤثر اور معیاری سکیورٹی سہولیات فراہم کی جائیں۔ بعد ازاں ڈائریکٹر جنرل پاکستان منرلز اتھارٹی شاہد قریشی نے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سے ملاقات کی اور ادارے کی کارکردگی، مستقبل کے منصوبوں اور درپیش چیلنجز سے آگاہ کیا۔

18

منصوبے شروع کیے گئے ہیں تاہم کوئٹہ کے باسیوں کو معیاری تعلیم، صاف پانی کی فراہمی اور صحت عامہ کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے ہمیں مزید مشترکہ کوششیں کرنی ہوں گی۔ یہ بات انہوں نے پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنماء مصلح الدین مینگل کی قیادت میں وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ہر شہری کے بنیادی حقوق ہیں اور ایک صحت مند اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد ہیں۔ کوئٹہ شہر کی رونقیں بحال کرنے میں صوبائی وزراء، پارلیمانی سیکرٹریز اور ایم پی ایز علاوہ دیگر متعلقہ محکمے حقیقی ترقی، خوشحالی اور بہبود میں اپنا حصہ ڈال سکتے ہیں۔ مربوط منصوبہ بندی، شفافیت، احتساب اور ترقیاتی منصوبوں کے مؤثر نفاذ کے ذریعے شہری خوشحالی میں دیرپا کردار ادا کرسکتے ہیں۔

19

حمزہ خان زہری نے مستونگ میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ کی گاڑی پر دہشت گردانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے گن مین کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا کہ یہ واقعہ انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت

حوالے سے بریفنگ دی۔ این سی سی آئی اے کے حکام نے وضاحت کی کہ اس سے قبل لمیٹڈ کے ساتھ شیئرز کیے گئے اعداد و شمار بینکا کے عوامی طور پر دستیاب ڈیٹا پر مبنی تھے۔ لمیٹڈ نے اس وضاحت کو قبول کرتے ہوئے اس امر پر زور دیا کہ ذمہ دارانہ رپورٹنگ ہمیشہ تصدیق شدہ حقائق کی بنیاد پر ہونی چاہیے۔ لمیٹڈ نے صوبائی اداروں سے پیکا کے مقدمات این سی سی آئی اے کو منتقل کیے جانے کے معاملے کا بھی جائزہ لیا۔ حکام نے آگاہ کیا کہ صرف سندھ سے اب تک نو مقدمات این سی سی آئی اے کو منتقل کیے گئے ہیں جبکہ باقی مقدمات کی منتقلی کا عمل جاری ہے۔ تفصیلی غور و خوض کے بعد سینیٹر سرمد علی نے ہدایت کی کہ تمام متعلقہ صوبائی حکام کو خطوط ارسال کیے جائیں تاکہ زیر التواء مقدمات کی منتقلی کو جلد از جلد عمل کیا جائے۔ ساتھ ہی سینیٹ کی ذیلی قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات و نشریات کی سفارشات اور رپورٹ بھی عملدرآمد کیلئے ارسال کی جائے۔

20

مینجمنٹ اتھارٹی کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق 19 جولائی سے اب تک خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں بارشوں اور فلش فلڈز سے مجموعی طور پر 9 مرد، 10 بچے اور تین خواتین جاں بحق ہوئیں۔ اعلامیے کے مطابق زخمیوں میں 11 مرد، 5 خواتین 7 بچے شامل ہیں جبکہ تیز بارشوں اور فلش فلڈ کے باعث مجموعی طور پر 37 گھروں کو نقصان پہنچا جس میں 29 گھروں کو جزوی جبکہ 8 گھر مکمل منہدم ہوگئے۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق حادثات پشاور، نوشہرہ، خیبر، مردان ، بونیر، باجوڑ، شانگلہ، صوابی، چترال لوئر، دیر لوئر اور اپر، ایبٹ آباد، مانسہرہ، ہری پور، ٹانک، تورغر اور کرم اور شمالی و جنوبی وزیرستان میں پیش آئے۔ اعلامیے میں بتایا گیا کہ پی ڈی ایم اے، ریسکیو 1122، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ ادارے آپس میں رابطے میں اور امدادی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہیں

21

فراہم کرنے کے الزام میں ملزم کو گرفتار کرلیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق این سی سی آئی اے نے کہا کہ گرفتار ملزم قمر علی سوشل میڈیا کے ذریعے حساس نوعیت کی معلومات بیرون ملک منتقل کرنے میں مبینہ طور پر ملوث ہے، ملزم کے قبضے سے حاصل موبائل فون کی ڈیجیٹل فورنزک رپورٹ میں حساس دفاعی مقامات کی جی پی ایس ٹیگ تصاویر شیئر کیے جانے کا انکشاف ہوا۔ این سی سی آئی اے کے مطابق ملزم قمر علی نے مبینہ طور پر پی اے ایف قدری بیس، اسکردو ایئر بیس اور سی ایم ایچ اسکردو سے متعلق تصاویر غیر ملکی انٹیلی جنس ادارے کو بھیجیں، ملزم قمر علی کے خلاف مقدمہ نمبر 03/2026 درج کرلیا، پی ای سی اے ایکٹ 2016 کی دفعات 6، 7 اور 10 شامل ہیں

22

کیا گیا۔ بیان کے مطابق ان حملوں کا مقصد ایران کی علاقائی سمندری راستوں سے گزرنے والے تجارتی جہازوں اور شہری بحری آمدورفت کو خطرے میں ڈالنے کی صلاحیت کو مزید کمزور کرنا ہے۔ مقامی میڈیا کے مطابق ایران اور عراق کے درمیان واقع شلامچہ سرحدی گزرگاہ کے قریب ایک علاقے کو امریکی حملے کا نشانہ بنایا گیا۔ میڈیا نے حملے کی تصاویر بھی جاری کی ہیں تاہم حملے کی نوعیت نقصان یا دیگر تفصیلات کے بارے میں مزید معلومات فراہم نہیں کیں۔ دریں اثناء کویت نے دعویٰ کیا کہ اس کے فضائی دفاعی نظام نے ایرانی ڈرون حملوں کا بروقت جواب دیتے ہوئے انہیں ناکام بنانے کیلئے کارروائی کی۔ حکام کے مطابق یہ کارروائیاں ایران کی جانب سے مبینہ جارحیت کے بعد کی گئیں

23

مستونگ کو کوئٹہ ڈویژن میں شامل کرنے کے خلاف آئینی درخواست بلوچستان ہائیکورٹ میں دائر کردی درخواست میں حکومت بلوچستان کو فریق بنایا گیا ہے وکیل نواب اسلم رئیسانی کے وکیل ریاض احمد نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں 1973 کا آئین ہے آئین عوام کو بنیادی حقوق دیتا ہے

24

گزشتہ روز دکی کے علاقے سیزئی کراس میں نامعلوم مسلح افراد نے ایک شخص طارق سے موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کی مزاحمت پر فائرنگ کرکے اسے شدید زخمی کردیا اور موقع سے فرار ہوگئے۔ پولیس نے زخمی کو ابتدائی طبی امداد کے بعد کنٹرولڈ حالت میں لورالائی منتقل کیا جارہا تھا جو راستے میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ پولیس نے نقش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی اور مقدمہ درج کرکے ملزمان کی تلاش شروع کردی

25

ہے، جس سے کھڑی فصلوں اور کاشتکاری کو بھاری نقصان پہنچا ہے۔ متاثرہ علاقوں کے مکین اپنی مدد آپ کے تحت پانی کا رخ موڑنے اور نقصان کو کم کرنے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔ علاقہ مکینوں اور زمینداروں نے محکمہ آبپاشی کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ شگاف کو ہنگامی بنیادوں پر بند کرنے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں تاکہ مزید دیہات، زرعی اراضی اور آبادی کو نقصان سے بچایا جاسکے۔

26

وامان کی ابتر صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مستونگ میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ، ان کے محافظ اور دیگر بے گناہ شہریوں کی شہادت پر دلی رنج و غم کا اظہار کیا ہے سابق وزیراعلیٰ نواب ثناء اللہ خان زہری نے زخمی ایڈیشنل سیشن جج، ڈرائیور اور دیگر زخمیوں کی جلد اور عمل صحت یابی کیلئے دعا کرتے ہوئے کہا کہ سیشن جج قانون کی حکمرانی کو یقینی بنانے اور اپنے آئینی و پیشہ ورانہ فرائض کی انجام دہی کیلئے جارہے تھے۔ ایسے فرض شناس افسر کو نشانہ بنانا نہ صرف انتہائی بزدلانہ بلکہ ریاستی اداروں اور نظام انصاف پر حملہ ہے، جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں آئے روز ریاستی رٹ کو چیلنج کرنے، دہشت گردی، قومی شاہراہوں کی بندش، مسافروں پر حملوں اور لوٹ مار جیسے واقعات میں اضافہ باعث تشویش ہے۔ ایسے حالات صوبے کے عوام میں عدم تحفظ کے احساس کو مزید گہرا کررہے ہیں، جس کا فوری تدارک ناگزیر ہے

27

آسانی اور نجی شعبے کے اعتماد کو مستحکم کرنے کیلئے متعدد اصلاحات اور عملی اقدامات کررہی ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاروں کی سہولت کیلئے بزنس سیٹیفیکیشن سینٹر (Facilitation Business Center) قائم کیا گیا ہے، جہاں مختلف سرکاری محکموں سے متعلق خدمات ایک ہی جگہ فراہم کی جارہی ہیں۔ اس مرکز کا مقصد سرمایہ کاروں کو مختلف دفاتر کے چکر لگانے سے بچانا، این او ایسز، رجسٹریشن، رہنمائی، قانونی معاونت اور دیگر ضروری سرکاری کارروائیوں کو آسان، شفاف اور تیز رفتار بنانا ہے۔ اس اقدام سے کاروبار شروع کرنے کے عمل میں درپیش غیر ضروری رکاوٹوں میں نمایاں کمی آئے گی اور سرمایہ کاروں کا وقت اور وسائل محفوظ ہوں گے۔

28

تعاون سے کوئٹہ میں صوبہ بلوچستان کی خواتین کی صحت، بالخصوص ایم ایچ ایچ سے جڑے کے معاملات پر مشاورتی اجلاس کی صدارت ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ کے علاوہ ایم پی اے رحمت صالح بلوچ نے کی۔ جسمیں ایم این اے اختر بی بی، ارکین بلوچستان اسمبلی تیمر جان بلوچ، شاہدہ روف، کلثوم نیاز بلوچ، چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ نورزئی کے علاوہ اقوام متحدہ کے ذیلی اداروں کے نمائندگان اور سول سوسائٹی نے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ نے کہا کہ خواتین کی صحت اور وقار کا تحفظ صوبائی حکومت کی اول ترجیح ہے اور اس سلسلے میں درپیش تمام رکاوٹوں کو دور کیا جائے گا

29

کے لواحقین کے غم میں برابر کی شریک ہے۔ حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ قانون کے محافظوں پر حملہ ریاستی رٹ کو چیلنج کرنے کی ناکام کوشش ہے۔ "یہ واقعہ انتہائی افسوسناک ہے۔ ذمہ داروں کو کیفرِ کردار تک پہنچایا جائے گا۔ شہدا کے خون کے ایک قطرے کا حساب لیا جائے گا "صوبائی وزیر نے جوڈیشل مجسٹریٹ جج طارق لاشاری اور فائرنگ سے زخمی ہونے والے دیگر افراد کی جلد صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگرد عناصر کو کسی صورت نہیں چھوڑا جائے گا اور ان کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ امن و امان کو خراب کرنے والوں کے خلاف ریاست پوری قوت سے کارروائی کررہی ہے۔

30

رہے ہیں، مگر ایسی بزدلانہ کارروائیاں قوم کے حوصلے

ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکری خان محکمانہ امور کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

دہشتگردی کیخلاف پوری قوم متحد ہے، میر عبیداللہ گورگیج

مستونگ میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے گن مین محمد زمان کی دہشتگردانہ حملے میں شہادت قابل مذمت ہے، رکن اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن صوبائی اسمبلی وقبائلی رہنما میر عبیداللہ گورگیج نے مستونگ میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے گن مین محمد زمان کی دہشتگردانہ حملے میں شہادت پر گہرے رنج وغم اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردی کیخلاف پوری قوم متحد ہے، امن دشمن عناصر اپنے مذموم مقاصد وعزائم میں کبھی بھی کامیاب نہیں ہونگے۔ (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

گوادر اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے کے تحت نئے ترقیاتی منصوبوں پر باقاعدہ عملدرآمد کا آغاز کر دیا گیا

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمٰن خان کی ہدایت پر اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے کے تحت نئے ترقیاتی منصوبوں پر باقاعدہ عملدرآمد کا آغاز کر دیا گیا ہے، جس کا مقصد قدیمی شہر کے بنیادی ڈھانچے کو (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

حکومت امن وامان اور جدید ٹیکنالوجی کے فروغ کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے، فیصل جمالی

صوبائی وزیر کا ایس ایس پی اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمٰن، ڈپٹی کمشنر محمد اور دیگر متعلقہ افسران کے ہمراہ تھانہ سٹی اوستہ محمد اور سیف سٹی کنٹرول روم کا تفصیلی دورہ

صوبائی وزیر اور دیگر معززین کا سیف سٹی کنٹرول روم کے مختلف شعبوں اور تھانے کے ریکارڈ، کنٹرول روم اور دیگر انتظامات کا معائنہ کیا

گنداخہ: (نامہ نگار) ضلع اوستہ محمد میں امن وامان کی مجموعی صورتحال، پولیس کی کارکردگی اور جدید سیکیورٹی نظام کا جائزہ لینے کیلئے صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ میر فیصل خان جمالی نے ایس ایس پی اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمٰن، ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال، سردار محمد ہارون خان جمالی، ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد داؤد کھوسہ اور دیگر متعلقہ افسران کے ہمراہ تھانہ سٹی اوستہ محمد اور سیف سٹی کنٹرول روم کا تفصیلی دورہ کیا۔ (بقیہ 35 صفحہ 3 پر)

شہدائے زیارت مائی ڈیم، جہانداد شبوزئی، حوالدار سیف اللہ شہید اور شہدائے لورالائی پولیس کی یاد میں پرتعزیتی سیمینار

لورالائی (خ ن) پولیس کی جانب سے اللہ نواز شہید پولیس لائن لورالائی میں شہدائے زیارت مائی ڈیم، جہانداد شبوزئی، حوالدار سیف اللہ شہید اور شہدائے لورالائی پولیس کی یاد میں ایک پروقار تعزیتی سیمنار کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

تمام کرفار شدہ تارکینِ وطن کے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لائی جارہی ہے، حب پولیس

حب (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس حب کے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ ایس ایس پی ضلع حب مرزا بلال حسن کی خصوصی ہدایات اور ایس ڈی پی او حب امام یعقوب بلوچ کی نگرانی میں ہیروٹ پولیس نے انسانی اسمگلنگ کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے ایک اہم کامیابی حاصل کی ہے۔

ڈاکٹر عبدالمالک ترین کی سربراہی میں اعلیٰ سطحی وفد کا ڈالیان اوشین یونیورسٹی چین کا دورہ

دونوں جامعات نے اپنی تعلیمی صلاحیتوں تحقیقی کامیابیوں اور مستقبل کی ترقیاتی حکمت عملیوں پر جامع روشنی ڈالی

لسبیلہ (خ ن) ایم این اے لسبیلہ وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان عالیانی کی ہدایت پر لسبیلہ یونیورسٹی آف ایگریکلچر، واٹر اینڈ میرین سائنسز (لوامز) پاکستان کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالمالک ترین کی سربراہی میں ایک اعلیٰ سطحی وفد نے ڈالیان اوشین یونیورسٹی (DLOU) چین کا دورہ کیا۔ جس کا مقصد سمندری علوم کے شعبے میں تعلیمی اشتراک کو فروغ دینا اور دونوں (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: نیشنل پریس کلب کی معزز خواتین صحافی ممبران سے خصوصی نشست کے موقع پر پرنسپل انفارمیشن آفیسر (PID) محترمہ رئیسہ عادل کو این پی سی آمد پر صدر این پی سی رزاق سیال سیکرٹری فرقان راؤ فنانس سیکرٹری عابد عباسی اور شرکاء شیلڈ پیش کر رہے ہیں

ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کا بنیادی مراکز صحت کشپان اور کوٹ خان محمد کا تفصیلی دورہ

موسیٰ خیل (خ ن) ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر نادر ایسوٹ نے بنیادی مراکز صحت کشپان اور کوٹ خان محمد کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کا مقصد ای پی آئی پروگرام کی سرگرمیوں کا جائزہ لینا تھا۔ اس دوران ویلسینیٹرز کی حاضری ILR کی سٹیٹینس ویلسین کے دستیاب (بقیہ 50 صفحہ 3 پر)

عوام کو مہنگائی سے ریلیف فراہم کرنا مارکیٹ کمیٹی کی اولین ترجیح ہے، مرتضیٰ جمالی

پرائس کنٹرول قوانین پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنا کر اشیائے خورونوش کی سرکاری نرخوں پر دستیابی کو ممکن بنایا جائے گا

گنداخہ: (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی نصیر آباد ڈویژن کے سینئر نائب صدر و چیئرمین مارکیٹ کمیٹی اوستا محمد میر مرتضیٰ خان جمالی نے کہا ہے کہ عوام کو مہنگائی سے ریلیف فراہم کرنا مارکیٹ کمیٹی کی اولین ترجیح ہے، جبکہ پرائس کنٹرول قوانین پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنا کر اشیائے خورونوش کی سرکاری نرخوں پر دستیابی کو ممکن بنایا جائے گا۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار جمالی ہاؤس کوئٹہ میں اوستا محمد سے تعلق رکھنے والے صحافیوں کے مختلف وفود سے ملاقات کے دوران (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

مالیاتی اداروں کی سیکیورٹی میں کسی بھی قسم کی غفلت یا لاپروائی برداشت نہیں کی جائے گی، سلیم ترین

ہرنائی (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے امن و امان کی بحالی کے وژن اور صوبائی حکومت کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں، اضلاع میں عوام کے جان ومال کے تحفظ اور حساس ومالیاتی اداروں کی سیکیورٹی کو نکتہ کمال تک پہنچانے کیلئے عملی اقدامات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

بلوچستان کمیشن آن دی اسٹیٹس آف ویمن (BCSW) کے بورڈ کا دوسرا اجلاس

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کمیشن آن دی اسٹیٹس آف ویمن (BCSW) کے بورڈ کا دوسرا اجلاس جمعرات کو بلوچستان کمیشن آن دی اسٹیٹس آف ویمن کے کانفرنس روم، کوئٹہ میں چیئرپرسن کرن بلوچ کی زیر (بقیہ 52 صفحہ 3 پر)

بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کا اعلامیہ

کوئٹہ (پ ر) بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز (BUMHS)، کوئٹہ کی جانب سے 13 سرکاری نرسنگ کالجز بلوچستان میں داخلوں کیلئے نرسنگ کالجز ایڈمیشن ٹیسٹ (NCAT-2026) اتوار، 09 اگست 2026 کو منعقد کیا جائیگا۔ داخلہ ٹیسٹ کا انعقاد یونیورسٹی آف بلوچستان، سریاب روڈ، کوئٹہ میں ہوگا۔ تمام امیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ صبح 7:30 بجے تک امتحانی مرکز پہنچ جائیں

گندواہ: معمولی بارش نے نئے ڈبل روڈ کی مبینہ ناقص تعمیر کا پول کھول دیا، عوام میں تشویش

مون سون سیزن بارش کے پانی کی نکاسی کا مؤثر انتظام نہ ہونا متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے

جھل مگسی (نامہ نگار منیر احمد رڈ): گزشتہ رات ہونے والی معمولی بارش نے گندواہ شہر میں نئے تعمیر شدہ ڈبل روڈ کی مبینہ ناقص تعمیر اور نکاسی آب کے نظام پر سوالات کھڑے کر دیے۔ گندواہ سے نورانی چوک تک تعمیر کی گئی دو رویہ سڑک پر متعدد مقامات پر بارش کا پانی جمع ہو گیا، جبکہ سڑک کے کنارے کروڑوں روپے کی لاگت سے تعمیر کیا گیا نالہ بھی پانی کی مؤثر نکاسی (بقیہ 51 صفحہ 3 پر)

معمولی بارش نے گندواہ شہر میں نئے تعمیر شدہ ڈبل روڈ پر پانی جمع ہو گیا ہے

ریاست عوام کو تحفظ دینے میں ناکام ہو چکی ہے، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی

سیشن جج مستونگ عبدالحکیم اور انکے گن مین کی شہادت قابل مذمت ہے

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ بیان میں مستونگ میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور گن مین کی شہادت اور ایڈیشنل سیشن جج طارق لاشاری سمیت دو افراد کے زخمی ہونے کے وحشیانہ، سفاکانہ، اندھوناک، دہشتگردی کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتی ہے اور یہ حکومت کی ناکامی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ گزشتہ تین ماہ سے مسلسل پراکسیز اور حکومتی پروردہ مسلح گروپوں، بھتہ خوروں، ڈپٹھ سکوارڈ کے ذریعے پشتون علاقوں (بقیہ 53 صفحہ 3 پر)

نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع بڑھانے کیلئے مختلف اقدامات جاری ہیں، غلام رسول عمرانی

مزدور طبقے کے حقوق کے تحفظ اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے حوالے سے مسلسل عملی اقدامات کر رہے ہیں

بابا کوٹ (رپورٹ محمد یونس عمرانی) صوبائی مشیر برائے لیبر اینڈ مین پاور بلوچستان، بیرسٹر چیف سردار بابا غلام رسول خان عمرانی اپنی عوام دوست قیادت، شفاف طرزِ حکمرانی اور انتھک عوامی خدمات کے باعث بلوچستان کی نمایاں سیاسی شخصیات میں شمار کیے جاتے ہیں۔ وہ عوامی مسائل کے حل، مزدور طبقے کے حقوق کے تحفظ اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے حوالے سے مسلسل عملی اقدامات کر رہے ہیں۔ بیرسٹر چیف سردار بابا غلام رسول خان (بقیہ 54 صفحہ 3 پر)

دہشتگردی کیخلاف پوری قوم متحد ہے، میر عاصم کرد گیلو

ملک دشمن عناصر اپنے مذموم عزائم میں کبھی بھی کامیاب نہیں ہونگے، صوبائی زیر

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر مال میر عاصم کرد گیلو نے مستونگ میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور انکے گن مین محمد زمان کی دہشتگردانہ حملے میں شہادت پر گہرے دکھ اور غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ افسوسناک واقعہ انصاف وقانون کی بالادستی اور ریاستی اداروں پر حملہ ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ اپنے ایک بیان میں صوبائی وزیر میر (بقیہ 55 صفحہ 3 پر)

جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کی مرکزی کمیٹی کا اہم اجلاس

جمعیت علماء اسلام ملک کے مظلوم محروم اور محکوم عوام کی حقیقی آواز اور واحد ترجمان جماعت ہے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کی مرکزی کمیٹی کا اہم اجلاس ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق کی صدارت میں ضلعی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلعی سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، حافظ مسعود احمد، مولانا محمد شعیب جدون، حاجی قاسم خان خلجی اور عبدالصمد حقیار نے (بقیہ 56 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق ضلعی مرکزی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان محمد طاہر کا کوئٹہ کے مختلف تھانوں کا دورہ

وردی اور ڈیوٹی پولیس اہلکاروں کا فخر ہیں، جبکہ موجودہ حالات میں ان کی پیشہ وارانہ ذمہ داری مزید اہم ہوگی

کوئٹہ (خ ن) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کوئٹہ کے مختلف تھانوں کا دورہ کیا جہاں انہوں نے سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت، ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ ضیاء مندوخیل اور دیگر پولیس افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ اس موقع پر کے آئی جی پولیس بلوچستان کو ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ نے تھانوں کی سیکیورٹی، نفری اور دیگر انتظامات سے کے حوالے سے بریفنگ دی۔ آئی جی پولیس بلوچستان نے مختلف تھانوں میں تعینات اہلکاروں سے ملاقات کی اور ان کی پیشہ ورانہ کارکردگی کو سراہا۔ آئی جی پولیس بلوچستان (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر گوادر کی زیر صدارت گوادر میں محفوظ سیاحتی زون کے قیام سے متعلق اجلاس

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی زیر صدارت گوادر میں محفوظ سیاحتی زون کے قیام سے متعلق اجلاس منعقد ہوا، جس میں متعلقہ محکموں کے افسران جن میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ظہور احمد بلوچ، گوادر پورٹ اتھارٹی کے شبیر احمد، اور منیر احمد بانا، ادارہ ترقیات (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

عبدالستار دشتی کی سربراہی میں برشور پولیس کا دور افتادہ پہاڑی علاقوں میں کامیاب آپریشن

برشور (خ ن) ڈپٹی کمشنر فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس کی خصوصی ہدایات پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر برشور عبدالستار دشتی کی سربراہی میں ضلع برشور پولیس نے دور افتادہ پہاڑی علاقوں میں کامیاب آپریشن کرتے ہوئے تھانہ ابراہیم خان کے علاقے (ڈرکس) میں خفیہ طور پر (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

صحت کے تمام قومی پروگراموں پر مؤثر انداز میں عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے، ڈاکٹر مرشد دشتی

ریضوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں، ادویات کی دستیابی ہر وقت یقینی بنائیں

گوادر (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق عوام کو ان کی دہلیز پر معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی گوادر ڈاکٹر مرشد دشتی نے بنیادی مرکز صحت (BHU) شینکانی در کا تفصیلی مانیٹرنگ دورہ کیا۔ دورے کے دوران ڈاکٹر مرشد دشتی نے طبی عملے کی حاضری، او پی ڈی رجسٹر، ادویات کے دستیاب (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ میر فیصل خان جمالی تھانہ سٹی اوستہ محمد اور سیف سٹی کنٹرول روم کا دورہ کر رہے ہیں

بلوچستان کی حدود میں زیر تعمیر سم نالے کا کام سندھ ایریگیشن کی جانب سے کیا جا رہا ہے، صلاح الدین نورزئی

بلوچستان کی حدود میں نالے کے اس کام کو ہرگز جاری رکھنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی

نصیر آباد (خ ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی زیر صدارت سندھ ایریگیشن کی جانب سے بلوچستان کے حصے میں این او سی کے بغیر سم نالے کی تعمیر کی روک تھام کے حوالے سے اعلیٰ سطح کا اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں * چیف انجینئر کینالز قربان علی جتوئی، سپرنٹنڈنگ انجینئر ایریگیشن سرکل/ ایکس ای این مدثر ظفر کھوسہ، اسسٹنٹ کمشنر صحبت پور سیف الدین کھوسہ اور اسسٹنٹ کمشنر جعفر آباد دھیرج کالرا نے شرکت کی اجلاس کو بریفنگ (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

برکت علی بلوچ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اہم اجلاس

طبی عملے کی دستیابی، ادویات کی فراہمی اور شعبہ صحت سے متعلق مختلف اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

تمپ (خ ن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی (DHC) کا اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر برکت علی بلوچ کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنر آفس تمپ میں منعقد ہوا۔ جس میں ضلع بھر میں صحت عامہ کی سہولیات، سرکاری ہسپتالوں اور بنیادی مراکزِ صحت کی کارکردگی، طبی عملے کی دستیابی، ادویات کی فراہمی اور شعبہ صحت سے متعلق مختلف اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر تمپ شے حق حیات، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر تمپ ڈاکٹر نوروز، پی پی ایچ آئی کے ڈی ایم (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ قتل کے مبینہ ذمہ داروں کو جلد انصاف کے کٹہرے میں لایا جائیگا، شعیب نوشیروانی

حکومت زخمیوں کو ہر ممکن طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنایا جائے گی

صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات کا مستونگ میں پیش آنے والے فائرنگ کے افسوسناک واقعے کی شدید مذمت

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے مستونگ میں پیش آنے والے فائرنگ کے افسوسناک واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے گن مین محمد زمان کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں صوبائی وزیر خزانہ نے کہا کہ اس المناک واقعے نے پوری قوم کو سوگوار کر دیا ہے۔ انہوں نے شہداء کی وطن اور ریاست کیلئے خدمات (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

قانون اور انصاف کی سربلندی کیلئے خدمات انجام دینے والے افراد پوری قوم کا سرمایہ ہیں، مینا مجید

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر مشیر برائے کھیل وامور نوجوانان مینا مجید بلوچ نے شہید سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ کی رہائش گاہ پر جا کر ان کے اہل خانہ سے تعزیت اور دلی ہمدردی کا اظہار کیا اس موقع (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)

بلوچستان قومی شاہراہیں موت کی وادیاں بن چکی ہیں، ظاہر شاہ کاکڑ

کوئٹہ۔ کراچی روٹ پر بے گناہ مسافروں کی شہادت پر حکومت فوری کارروائی کرے: پنجاب خیبر پختونخوا بس یونین

کوئٹہ (پ ر) پنجاب خیبر پختونخوا بس یونین کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ظاہر شاہ کاکڑ، وزیر خان کاکڑ، اقبال سرگڑھ اور دیگر رہنماؤں نے کوئٹہ۔ کراچی قومی شاہراہ پر مسافر بس پر فائرنگ کے افسوسناک واقعے، جس کے نتیجے میں چار بے گناہ مسافر شہید جبکہ متعدد زخمی ہوئے، پر شدید دکھ، افسوس اور غم وغصے کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے اپنے مشترکہ بیان میں (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ نے بحیثیت جج فراہمی انصاف کیلئے جو کوششیں کیں وہ تادیر یاد رکھی جائیں گی، صادق عمرانی

صوبائی وزیر نے فائرنگ کے واقعے میں زخمی ایڈیشنل سیشن جج طارق لاشاری اور ان کے محافظ کی جلد صحتیابی کیلئے بھی دعا کی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن، پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے ضلع مستونگ میں قومی شاہراہ پر دہشت گردی کے اندوہناک واقعے میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ کے اور ان کے محافظ کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سابق صوبائی وزیر میر عبدالکریم نوشیروانی ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی حب ٹیم کی مختلف ڈاکٹروں، کلینکس اور طبی مراکز کا دورہ

تمام قابلِ ٹیکس سروس فراہم کنندگان کیلئے رجسٹریشن اور ٹیکس قوانین کی پابندی لازمی ہے

حب (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن، وزیر خزانہ بلوچستان میر شعیب نوشیروانی کی رہنمائی اور چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان کی ہدایات پر بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی حب ٹیم نے مختلف ڈاکٹروں، کلینکس اور طبی مراکز کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران متعلقہ سروس فراہم کنندگان کو بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ، 2015 کے تحت رجسٹریشن، بروقت ریٹرن فائلنگ، ٹیکس ادائیگی اور دیگر قانونی ذمہ داریوں سے آگاہ کیا گیا۔

سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ قتل کے مبینہ ذمہ داروں کو جلد انصاف کے کٹہرے میں لایا جائیگا، شعیب نوشیروانی

حکومت زخمیوں کو ہر ممکن طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنایا جائے گی

صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات کا مستونگ میں پیش آنے والے فائرنگ کے افسوسناک واقعے کی شدید مذمت

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے مستونگ میں پیش آنے والے فائرنگ کے افسوسناک واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے گن مین محمد زمان کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں صوبائی وزیر خزانہ نے کہا کہ اس المناک واقعے نے پوری قوم کو سوگوار کر دیا ہے۔ انہوں نے شہداء کی وطن اور ریاست کیلئے خدمات (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

گوادر، ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ محفوظ سیاحتی زون کے قیام سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسسٹنٹ کمشنر کھوسٹ کا ضلع ہرنائی کے مختلف بینکوں کا تفصیلی دورہ

ہرنائی (خ ن) صوبائی حکومت کی اعلیٰ ہدایات اور عوام کے جان ومال اور مالیاتی اداروں کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنانے کے سلسلے میں ضلع ہرنائی میں انتظامیہ متحرک ہو گئی ہے۔ اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر کھوسٹ اسرار (بقیہ 69 صفحہ 3 پر)

پارلیمانی سیکرٹری برکت رند کا سیشن جج اور انکے گن مین کی شہادت پر افسوس کا اظہار

تربت (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما و پارلیمانی سیکرٹری برائے فشریز معتبر حاجی برکت رند نے مستونگ میں قومی شاہراہ پر دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے سکیورٹی محافظوں کی شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔

قانون اور انصاف کے محافظوں کو نشانہ بنانا نہایت افسوسناک اور ناقابلِ قبول عمل ہے، ربابہ بلیدی

حکومت بلوچستان عوام کے جان ومال کے تحفظ اور صوبے میں پائیدار امن کے قیام کیلئے تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ مکمل تعاون کر رہی ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے مستونگ میں دہشت گردوں کی فائرنگ کے نتیجے میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے گن مین محمد زمان کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے واقعے کی شدید مذمت کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ قانون اور انصاف کے محافظوں کو نشانہ بنانا نہایت افسوسناک اور ناقابلِ قبول عمل ہے۔

بلوچستان کی حدود میں نالے کے اس کام کو ہرگز جاری رکھنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی، صلاح الدین نورزئی

سم نالے کی تعمیر فوری طور پر رکوائی جائے، اور تمام صورتحال کی کڑی نگرانی کی جائے

بابا کوٹ (رپورٹ محمد یونس عمرانی) کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی زیر صدارت سندھ ایریگیشن کی جانب سے بلوچستان کے حصے میں این او سی کے بغیر سم نالے کی تعمیر کی روک تھام کے حوالے سے اعلیٰ سطح کا اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں چیف انجینئر کینالز قربان علی جتوئی، سپرنٹنڈنگ انجینئر ایریگیشن سرکل/ ایکس ای این مدثر ظفر کھوسہ، اسسٹنٹ کمشنر صحبت پور سیف الدین کھوسہ اور اسسٹنٹ کمشنر جعفر آباد دھیرج کالرا نے شرکت کی اجلاس کو بریفنگ (بقیہ 66 صفحہ 3 پر)

کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی زیر صدارت سندھ ایریگیشن کی جانب سے بلوچستان کے حصے میں این او سی کے بغیر سم نالے کی تعمیر کی روک تھام کے حوالے سے اعلیٰ سطح کا اہم اجلاس منعقد ہو رہا ہے

مستونگ دہشت گرد حملہ میں ملوث دہشت گردوں کو عبرتناک انجام تک پہنچانے کا مطالبہ کرتے ہیں۔ صدیق مدنی

قانون کے محافظوں پر حملہ ریاست پر حملہ ہے، بلوچستان میں دہشت گردی کے خلاف فیصلہ کن کارروائی ناگزیر

چمن (پ ر) جمعیت علماء اسلام چمن بلوچستان کے رہنماء اور سابق ممبر یوتھ پارلیمنٹ آف پاکستان حافظ محمد صدیق مدنی نے اظہار غم وافسوس کرتے ہوئے کہا کہ مستونگ میں سیشن جج جناب عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے گن مین پر دہشت گرد حملہ جس کے نتیجے میں ان کی (بقیہ 64 صفحہ 3 پر)

قائم مقام ڈی آئی جی نصیر آباد اسد ناصر کی زیر صدارت پیس کمیٹی برائے اقلیتی برادری کا اجلاس

اقلیتوں کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، اسد ناصر

بابا کوٹ (رپورٹ محمد یونس عمرانی) قائم مقام ڈی آئی جی نصیر آباد اسد ناصر کی زیر صدارت اقلیتی برادری کی پیس کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں اقلیتی برادری کے رہنماؤں نے شرکت کی۔ اجلاس میں اقلیتی برادری کو درپیش سیکیورٹی امور، مذہبی تقریبات کے دوران امن و امان کی صورتحال، باہمی ہم آہنگی کے فروغ اور دیگر درپیش مسائل پر تفصیلی تبادلہ (بقیہ 62 صفحہ 3 پر)

عوام میں شدید خوف، اضطراب اور عدم تحفظ کا احساس روز بروز بڑھتا جا رہا ہے، رضا محمد رضا

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے سینئر ڈپٹی چیئرمین اور سابق سینیٹر رضا محمد رضا نے جمعیت علمائے اسلام کے صوبائی امیر اور سینیٹر مولانا عبدالواسع سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا، جس کے دوران بلوچستان، بالخصوص پشتون علاقوں میں امن وامان کی انتہائی تشویشناک (بقیہ 61 صفحہ 3 پر)

جج کا قتل بدترین دہشت گردی، بلوچستان بدترین انارکی کا شکار ہے، نیشنل پارٹی

عدلیہ ہمیشہ بدترین حالات میں بھی مظلوم ومحکوم لوگوں کی آخری امید رہی ہے، جج کا قتل افسوسناک ہے

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے صوبائی ترجمان نے اپنے بیان میں سیشن جج مستونگ عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے گن مین محمد زمان سالانی کے قتل کی مذمت کرتے ہوئے واقعے میں زخمی ایڈیشنل سیشن جج طارق لاشاری کی جلد صحت یابی کے لیئے دعا گی (بقیہ 63 صفحہ 3 پر)

چائنا، لوامز، وی سی پروفیسر ڈاکٹر عبدالمالک اور ڈلیان اوشین یونیورسٹی چائنا کے وائس پریزیڈنٹ LiuWwnheprof مشترکہ سائنسی تعاون اور بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو BRI کے تحت مشترکہ تحقیقی پلیٹ فارمز کے حوالے سے بات چیت کر رہے ہیں

حکومت بلوچستان مشکل گھڑی میں عدلیہ کے ساتھ مکمل یکجہتی کے ساتھ کھڑی ہے، بدر

زخمی ایڈیشنل سیشن جج کے علاج معالجے کے تمام اخراجات حکومت بلوچستان برداشت کرے گی

ایڈیشنل سیشن جج طارق لاشاری مستونگ میں دہشت گردوں کی فائرنگ کے افسوسناک واقعے میں زخمی ہوئے تھے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات پر مستونگ دہشت گردی کے واقعے میں زخمی ہونے والے ایڈیشنل سیشن جج طارق لاشاری کو بہتر علاج معالجے کیلئے کمبائنڈ ملٹری ہسپتال (سی ایم ایچ) منتقل کر دیا گیا ہے معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے اپنے بیان میں کہا کہ ایڈیشنل سیشن جج طارق لاشاری مستونگ میں دہشت گردوں کی فائرنگ کے افسوسناک واقعے (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

**چاغی خصوصاً نوکنڈی تفتان سیندک اور دالبدین کے لوگوں کے شناختی کارڈز بلاوجہ بلاک قابل مذمت ہ